# 2

Teaching Guide

# We Learn Social Studies



Musarrat Haidery

OXFORD
UNIVERSITY PRESS

# Contents

Pages

Introduction .......... iv

Unit 1 Our world .......... 2

Unit 2 Living together .......... 22

Unit 3 Then and now .......... 40

Unit 4 Natural resources .......... 46

Unit 5 Our Earth .......... 66

Unit 6 The world of maps .......... 76

Worksheets .......... 84

Answer key .......... 90

# Introduction

This teaching guide is a valuable asset to the teacher of *We Learn Social Studies Book 2*. It offers step-by-step guidance about how to use the student's book so that maximum benefit is passed on to students. At the same time, it makes your work easy.

Social studies is generally considered to be a very dry subject. It would be a challenge for you to create interest in your students and to make them look forward to each social studies period. It is a good idea to begin a lesson with an introductory activity. It prepares students for what is to follow, builds their interest in the topic, and helps them focus. The teaching guide gives ideas for an introductory activity with each lesson.

In addition to history, geography, economics, and environment, social studies also make civics its topic. Please stress on character building and the civic sense in your classes. These aspects of a child's grooming are generally neglected which is regrettable. It manifests in our society which is by and large found to be lacking any civic sense. Being the purview of this subject, it becomes your responsibility to put due stress on in it the classroom.

Please make use of the colourful illustrations and photographs in the book to generate interest among students and to explain the topic. The layout is colourful and student friendly which is sure to hold the his/her interest.

This teaching guide is bilingual. If you find the English version difficult to follow, kindly refer to the Urdu translation for maximum benefit.

Answers to most questions have been given for your benefit. Please also make use of the photocopiable worksheets where time permits. It is hoped that you will find the teaching guide a valuable asset.

# تعارف

یہ رہنمائے اساتذہ ''وی لرن سوشل اسٹڈیز بک ۲'' کے استاد کے لیے ایک قیمتی اثاثے کی حیثیت رکھتی ہے۔ نصابی کتاب کا بہترین استعمال کرنے کے ضمن میں یہ رہنمائے اساتذہ درجہ بہ درجہ رہنمائی فراہم کرتی ہے تاکہ طلبا کو زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچایا جاسکے۔ اس کے ساتھ ہی یہ آپ کا کام بھی آسان کردیتی ہے۔

معاشرتی علوم کو عام طور پر نہایت خشک مضمون سمجھا جاتا ہے۔ اپنے طلبا کو اس مضمون میں اس طرح دلچسپی لینے پر مجبور کردینا کہ وہ معاشرتی علوم کے ہر پیریڈ کے منتظر رہنے لگیں، آپ کے لیے ایک امتحان ثابت ہوگا۔ سبق کا آغاز ایک تعارفی سرگرمی سے کرنا اچھی تجویز ہے۔ اس سے طلبا سبق پڑھنے کے لیے آمادہ ہو جاتے ہیں، ان میں موضوع سے متعلق دلچسپی پیدا ہوتی ہے اور سبق پر توجہ مرکوز رکھنے میں مدد ملتی ہے۔ رہنمائے اساتذہ ہر سبق کے آغاز پر تعارفی سرگرمی کے لیے تجاویز بھی فراہم کرتی ہے۔

معاشرتی علوم میں تاریخ، جغرافیہ، معاشیات، اور ماحولیات کے علاوہ شہریات کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ ازراہ کرم اپنی کلاس میں بچوں کے کردار کی تعمیر اور ان میں شہری شعور پیدا کرنے پر زور دیجیے۔ بچوں کی تربیت کے ان پہلوؤں کو عام طور پر نظرانداز کر دیا جاتا ہے جو قابل افسوس ہے۔ بحیثیت مجموعی ہمارے معاشرے میں ہر طرح کے شہری شعور کی کمی واقع ہو چکی ہے۔ اس مضمون کے ماہر کی حیثیت سے کمرۂ جماعت میں بچوں کی تربیت کے ان پہلوؤں پر کماحقہ توجہ دینا آپ کی ذمہ داری بن جاتی ہے۔

طلبا میں سبق سے متعلق دلچسپی پیدا کرنے اور موضوع کی وضاحت کے لیے کتاب میں دیے گئے رنگین خاکوں اور تصاویر کا استعمال کیجیے۔ لے آؤٹ رنگین ہونے کے ساتھ ساتھ دیدہ زیب بھی ہے جو یقینی طور پر طلبا کی توجہ حاصل کرے گا۔

یہ رہنمائے اساتذہ دو لسانی ہے۔ اگر آپ کو کتاب کا انگریزی متن سمجھنے میں مشکل پیش آئے، تو ازراہ کرم اس رہنمائے اساتذہ کا زیادہ سے زیادہ فائدہ اُٹھانے کے لیے اُردو ترجمے سے مدد لیجیے۔

آپ کی سہولت کے لیے اکثر سوالات کے جوابات رہنمائے اساتذہ میں دیے گئے ہیں۔ جہاں وقت اجازت دے، وہاں ازراہ کرم عکسی نقول بنائے جانے کے قابل ورک شیٹس کا استعمال کیجیے۔ امید ہے کہ آپ اس رہنمائے اساتذہ کو ایک قابل قدر اثاثہ پائیں گے۔

# UNIT 1: OUR WORLD

## CONTINENTS AND OCEANS
## OUR COUNTRY PAKISTAN
## OUR QUAID-E-AZAM
## CITY LIFE
## VILLAGES AND TOWNS

## CONTINENTS AND OCEANS
Teaching time: 3 periods

## TEACHING OBJECTIVES:
- to define continents and oceans
- to name the different continents and oceans

## KEYWORDS
continent, ocean, flag, government, Pacific, Atlantic, Artic, Antarctic, Asia, Europe, Oceania, Africa, America, Antarctica, Russia, Vatican

## RESOURCES
a globe, a world map, flags of various countries

## LESSON PLAN (Period 1)

### Introductory Activity
An introduction to globe and continents was given to students in class 1. To refresh their memories, hold up a globe and ask students to name the object in your hand. Praise the students who name it correctly and ask further questions about it. What does the blue part show? What does the coloured part on the globe show?

For the benefit of those who do not remember, say this is a globe and it is a model of the Earth. This is how our Earth looks.

# باب 1: ہماری دنیا

## براعظم اور سمندر

## ہمارا ملک پاکستان

## ہمارے قائداعظم

## شہری زندگی

## دیہات اور قصبے

تدریس کا دورانیہ : تین پیریڈ

## تدریسی مقاصد:

- براعظم اور سمندر کی تعریف بیان کرنا۔
- مختلف براعظموں اورسمندروں کے نام بتانا۔
- قائداعظم کی زندگی کو زیر بحث لانا اور مختصراً بیان کرنا کہ انھوں نے قیام پاکستان کی جانب لوگوں کی رہنمائی کس طرح کی۔

## کلیدی الفاظ

برصغیر، سمندر، پرچم یا جھنڈا، حکومت، بحرالکاہل، بحراوقیانوس، بحرمنجمد شمالی، بحرمنجمد جنوبی، ایشیا، یورپ، اوشیانا (بحرالکاہل اور قریبی سمندروں کے جزیروں بمع آسٹریلیا کا مجموعی نام)، افریقا، امریکا، انٹارکٹیکا، روس، ویٹیکن ۔

## امدادی اشیاء

گلوب، دنیا کا نقشہ، مختلف ممالک کے پرچم

## سبق کی منصوبہ بندی (پہلا پیریڈ)

## تعارفی سرگرمی

طلبا کو جماعت اوّل میں گلوب اور براعظموں سے متعارف کروایا جا چکا ہے۔ ان کی یادداشت کو تازہ کرنے کے لیے، گلوب کو اونچا کرکے دکھائیے اور پوچھیے کہ آپ کے ہاتھ میں کیا چیز ہے۔ درست جواب دینے والے طلبا کی تعریف کیجیے اور اس کے بارے میں مزید سوالات کیجیے۔
گلوب پر موجود نیلا رنگ کیا دکھا رہا ہے؟ اس پر موجود رنگین حصے کیا ظاہر کرتے ہیں؟
جن طلبا کو یادنہیں ہے ان کے مفاد کی خاطر، یہ بتائیے کہ یہ گول سے گلوب ہے اور یہ زمین کا مثالی نمونہ ہے۔ ہماری زمین بالکل ایسی ہی دکھائی دیتی ہے۔

Explain to students that the blue colour shows water found on the Earth in the form of seas and oceans. Ask if any of them have seen the sea. Those in Karachi would have been to Clifton beach. Point to Pakistan on the map and to the Karachi coastline. Tell them those who have been to the Clifton beach have been here on the map.

Water covers three fourths of the surface of the Earth. It means that there is more water on the Earth than land. But this water is mostly in the oceans and is too salty. We cannot drink it.

Pointing to the big pieces of land on the map tell them that these are called continents. The continents are further divided into smaller pieces of land called countries. If one looks at the map of the world on the atlas, one would find that some continents have few divisions, which means that very few countries exist in that continent, e.g. North America. Compare it to Africa which has many countries.

Let each of them have a close look at the world map.

## Development

Ask some students to read the unit aloud while the others follow in their books. Tell them the names of the oceans and the continents. Write the names on the board. After a few readings, explain the meaning of the text.

Ask oral questions based on the text.

## Homework

**What did you learn?** Question 3

## LESSON PLAN (Period 2)

## Introductory Activity

Begin with a recap of the lesson. Ask students to name the oceans and the continents. Similarly, the other information given in the text. Explain what it means for a country to have its own laws and government.

Questions that may be asked are: What is the shape of the globe? What are continents? How many continents make up the world? What are oceans? Name the largest country in the world.

## Development

Tell students that each country of the world has its own flag. Point to the flags on page 3. Together with students, find these countries on the world map. Every student should be given a chance to see them on the map.

انھیں بتایئے کہ گلوب کا نیلا رنگ زمین پر سمندروں اور بحروں کی صورت میں موجود پانی کو ظاہر کرتا ہے۔ پوچھیے کہ کیا ان میں سے کسی نے سمندر دیکھا ہے۔ کراچی میں رہنے والے طلبا کلفٹن کے ساحل پر گئے ہوں گے۔ نقشے میں پاکستان اور کراچی کے ساحلی علاقے کی نشان دہی کیجیے۔
انھیں بتایئے کہ جو بچے کلفٹن جا چکے ہیں وہ نقشے کے مطابق یہاں گئے ہیں۔
زمین کا تین چوتھائی حصہ پانی سے ڈھکا ہوا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ زمین پر خشکی کے مقابلے میں پانی زیادہ ہے۔ لیکن زیادہ تر یہ پانی سمندروں میں ہے اور بہت نمکین ہے۔ ہم اسے نہیں پی سکتے۔
نقشے میں دکھائی دینے والے خشکی کے بڑے بڑے ٹکڑوں کی جانب اشارہ کرتے ہوئے طلبا کو بتایئے کہ یہ براعظم کہلاتے ہیں۔ براعظموں کو مزید چھوٹے حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے جنھیں ہم ملک کہتے ہیں۔ اگر آپ نقشوں کی کتاب (اٹلس) میں دُنیا کو بغور دیکھیں تو معلوم ہوگا کہ کچھ براعظم چند حصوں میں منقسم ہیں، جس کا مطلب یہ ہوا کہ ان براعظموں میں واقع ممالک کی تعداد کم ہے۔ مثال کے طور پر شمالی امریکا۔ براعظم افریقا کے ساتھ اس کا موازنہ کیجیے جو بہت سے ممالک پر مشتمل ہے۔
ہر طالب علم کو دنیا کا نقشہ قریب سے دکھایئے۔

## تدریج

چند طلبا کو سبق باری باری بلند آواز سے پڑھنے کی ہدایت کیجیے اور باقی طلبا سے کہیے کہ اس دوران وہ اپنی کتابوں میں سبق پر توجہ مرکوز کریں۔
انھیں سمندروں اور براعظموں کے نام بتایئے۔ طلبا جب باری باری سبق پڑھ چکیں تو پھر متن کا مطلب بیان کیجیے۔
متن سے متعلق زبانی سوالات پوچھیے۔

## گھر کا کام

(آپ نے کیا سیکھا؟) کی سرخی کے تحت دیا گیا سوال ۳ کروایا جائے۔

## سبق کی منصوبہ بندی (دوسرا پیریڈ)

## تعارفی سرگرمی

سبق کا خلاصہ بیان کرتے ہوئے کلاس شروع کیجیے۔ طلبا سے کہیے کہ سمندروں اور براعظموں کے نام بتائیں۔ اسی طرح ان سے سبق میں دی گئی دوسری معلومات کے متعلق سوال کیجیے۔ انھیں بتایئے کہ ایک ملک کے لیے اپنے قوانین اور اپنی حکومت کا ہونا کیا معانی رکھتا ہے۔
طلبا سے یہ سوال پوچھے جاسکتے ہیں: گلوب کی شکل وصورت کیسی ہے؟ براعظم کیا ہوتے ہیں؟ دنیا کتنے براعظموں سے مل کر بنی ہے؟ بحر کیا ہوتے ہیں؟ دنیا کے سب سے بڑے ملک کا نام بتائیں؟

## تدریج

طلبا کو بتایئے کہ ہر ملک کا اپنا پرچم یا جھنڈا ہوتا ہے۔ صفحہ ۳ پر دیے گئے جھنڈوں کی جانب طلبا کی توجہ دلایئے۔ طلبا کے ساتھ مل کر دنیا کے نقشے پر ان ممالک کو تلاش کیجیے۔ ہر طالب علم کو نقشے پر یہ ممالک دیکھنے کا موقع فراہم کیجیے۔

### Class work

Ask students to draw the maps on page 3 in their classwork copies and to write the name of the country under each map.

### LESSON PLAN (Period 3)

### Introductory Activity

Begin by a recap of the last class. Ask the names of continents and oceans. Point to familiar countries on the world map and ask students to name them. Or name some familiar countries and ask them to locate these on the map.

### Class work

**What did you learn?** Questions 1 and 2

### Homework

Complete any leftover work at home, Worksheet 1.

## OUR COUNTRY PAKISTAN

Teaching time: 2 periods

### TEACHING OBJECTIVES:

- to explain that we are called Pakistanis as this is our nationality
- to explain that Pakistan is located in Asia and that India, Afghanistan, Iran, and China are its neighbouring countries
- to give the basic information about our country and its land features

### KEYWORDS:

features, mountains, border, countries, neighbour, Afghanistan, Iran, India, China, Islamabad, Karachi, Hyderabad, Lahore, Quetta, Peshawar, capital

### RESOURCES:

world map, pictures of valleys, mountains, rivers, and important buildings, textbook

### جماعت کا کام

طلبا سے کہیے کہ صفحہ ۳ پر دیے گئے نقشے اپنی کلاس ورک کی کاپیوں میں بنائیں اور ہر نقشے کے نیچے اس ملک کا نام بھی لکھیں۔

## سبق کی منصوبہ بندی (تیسرا پیریڈ)

### تعارفی سرگرمی

پچھلی کلاس میں جو کچھ پڑھایا گیا تھا، اس کا خلاصہ بیان کرتے ہوئے سبق کا آغاز کیجیے۔ سمندروں اور براعظموں کے نام پوچھیے۔ عالمی نقشے پر کچھ جانے پہچانے ممالک کی طرف اشارہ کرتے ہوئے طلبا سے کہیے کہ ان کے نام بتائیں۔ یا چند مشہور ممالک کے نام بتا کر طلبا سے کہیے کہ وہ نقشے پر ان کی نشان دہی کریں۔

### جماعت کا کام

**What did you learn?** کی سرخی کے تحت دیا گیا سوال ۱ اور ۲ کروایئے۔

### گھر کا کام

طلبا باقی رہ جانے والا کام گھر پر مکمل کریں گے۔ ورک شیٹ ۱۔

# ہمارا ملک پاکستان

تدریس کا دورانیہ: دو پیریڈ

### تدریسی مقاصد:

- بیان کرنا کہ ہم پاکستانی کہلاتے ہیں اور یہ ہماری قومیت ہے۔
- واضح کرنا کہ پاکستان، ایشیا میں واقع ہے اور بھارت، افغانستان، ایران، اور چین اس کے ہمسایہ ممالک ہیں۔
- اپنے ملک اور اس کے زمینی خدوخال کے بارے میں بنیادی معلومات فراہم کرنا۔

### کلیدی الفاظ

خدوخال، پہاڑ، سرحد، ممالک، ہمسایہ، افغانستان، ایران، بھارت، چین، اسلام آباد، کراچی، حیدرآباد، لاہور، کوئٹہ، پشاور، دارالحکومت۔

### امدادی اشیاء

دنیا کا نقشہ، وادیوں، پہاڑوں، دریاؤں اور اہم عمارات کی تصاویر، نصابی کتاب۔

## LESSON PLAN (Period 1)

### Introductory Activity

Begin by asking students the name of our country. Tell them that we are called Pakistanis because this is our nationality. Pakistan is in Asia. Just like we have neighbours, countries have neighbours too. Name the neighbouring countries of Pakistan. Show these countries on the world map.

Explain what sharing a border means. It is like two neighbours share the boundary wall of their house. Draw two houses and explain.

### Development

Reading of the unit till '*These countries are Pakistan„s neighbours„*. Explain the text.

### Class work

**What did you learn?** Question 2

## LESSON PLAN (Period 2)

### Introductory Activity

Begin with a recap of the previous lesson. Tell students they are going to learn about some major cities of Pakistan. Ask them to name their own cities. Then ask them to name any other Pakistani cities they have been to. Show them some beautiful pictures of Pakistan, landscapes and landmarks of important cities.

### Development

Reading of the unit from where it was left off. Explain the text. Give some additional information to students about Pakistan, like the name of its currency, its national language.

### Class work

**What did you learn?** Question 1

### Homework

Worksheet 2 and 3

## سبق کی منصوبہ بندی (پہلا پیریڈ)

### تعارفی سرگرمی

طلبا سے اپنے ملک کا نام پوچھتے ہوئے آغاز کیجیے۔ انھیں بتایئے کہ ہم پاکستانی کہلاتے ہیں اور یہ ہماری قومیت ہے۔ پاکستان ایشیا میں ہے۔ جیسے ہمارے پڑوسی ہوتے ہیں، اسی طرح ملکوں کے بھی ہمسائے ہوتے ہیں۔ پاکستان کے ہمسایہ ممالک کے نام بتایئے۔ دنیا کے نقشے میں ان ممالک کی نشان دہی کیجیے۔ بیان کیجیے کہ مشترکہ سرحد کا مطلب کیا ہوتا ہے۔ یہ بالکل ایسے ہی ہے جیسے دو پڑوسیوں کے گھروں کی درمیانی دیوار مشترک ہوتی ہے۔ دو مکانات کی تصویر بنا کر اس کی وضاحت کیجیے۔

### تدریج

'These countries are Pakistan„s neighbours„. (یہ ممالک پاکستان کے ہمسائے ہیں) تک سبق پڑھا جائے گا۔ بعدازاں متن کی وضاحت کیجیے۔

### جماعت کا کام

**What did you learn?** کی سرخی کے تحت دیا گیا سوال ۲ کروایئے۔

## سبق کی منصوبہ بندی (دوسرا پیریڈ)

### تعارفی سرگرمی

پچھلے سبق کا خلاصہ بیان کرتے ہوئے کلاس کا آغاز کیجیے۔ طلبا کو بتایئے کہ اب وہ پاکستان کے کچھ اہم شہروں کے بارے میں پڑھیں گے۔ ان سے کہیے کہ اپنے شہر کا نام بتائیں۔ پھر ان سے کہیے کہ پاکستان کے کسی بھی دوسرے شہر کا نام بتائیں جہاں وہ گئے ہوں۔ انھیں پاکستان اور اس کے اہم شہروں کے دل کش مناظر کی اور مشہور و معروف مقامات کی خوبصورت تصویریں دکھایئے۔

### تدریج

سبق وہیں سے پڑھنا شروع کیجیے جہاں چھوڑا گیا تھا۔ متن کی تشریح کیجیے۔ پاکستان کے بارے میں طلبا کو کچھ اضافی معلومات دیجیے جیسے اس کی کرنسی کا نام، قومی زبان۔

### جماعت کا کام

**What did you learn?** کے تحت دیا گیا سوال 1 کروایا جائے۔

### گھر کا کام

ورک شیٹ ۲ اور ۳۔

# OUR QUAID-E-AZAM

Teaching time: 3 periods

## TEACHING OBJECTIVES:

- to introduce Quaid-e-Azam as father of the nation
- to explain why Quaid-e-Azam was given this title
- to give a brief introduction to Quaid-e-Azam's life and achievements
- to discuss the life of Quaid-e-Azam and explain briefly how he led people towards the creation of Pakistan

## KEYWORDS

founder, homeland, leader, important

## RESOURCES:

textbook, map of India and Pakistan

## LESSON PLAN (Period 1)

### Introductory Activity

Ask students if they celebrate the Independence Day. Do they know why it is celebrated? Give a brief account of how India and Pakistan were one country once. Quaid-e-Azam worked very hard to give us our own country so that we could live here with freedom. Present the story in a very simple way so that they understand the reasons for the creation of Pakistan.

### Development

Reading of the lesson; explain the difficult words. After the lesson has been read, explain the details about Quaid-e-Azam's life.

### Class work

**What did you learn?** Question 1

# ہمارے قائدِ اعظم

تدریس کا دورانیہ : تین پیریڈ

## تدریسی مقاصد:

- بابائے قوم کے طور پر قائداعظم کو متعارف کروانا۔
- بیان کرنا کہ قائداعظم کو یہ خطاب کیوں دیا گیا تھا۔
- قائداعظم کی زندگی اور کارناموں کو مختصراً بیان کرنا۔
- قائداعظم کی زندگی پر گفتگو کرتے ہوئے مختصراً آگاہ کرنا کہ کس طرح سے آپ نے پاکستان بنانے کے لیے لوگوں کی رہنمائی کی۔

## کلیدی الفاظ

بانی ، وطن ، رہنما ، اہم ۔

## امدادی اشیاء

نصابی کتاب ، پاکستان اور ہندوستان کا نقشہ ۔

## جماعت کا کام

سوال ا کروائیے۔

## سبق کی منصوبہ بندی (پہلا پیریڈ)

## تعارفی سرگرمی

طلبا سے پوچھیے کیا وہ یوم آزادی مناتے ہیں۔ کیا وہ جانتے ہیں یہ دن کیوں منایا جاتا ہے؟ مختصراً انھیں بتایئے کہ کسی زمانے میں پاکستان اور ہندوستان ایک ہی ملک تھے۔ قائداعظم نے ہمارے لیے ایک علیحدہ ملک حاصل کرنے کی غرض سے سخت محنت کی تا کہ ہم یہاں آزادی سے رہ سکیں۔ تاریخ کو سادہ اور آسان انداز میں پیش کیجیے تا کہ وہ قیام پاکستان کے اسباب سمجھ جائیں۔

## تدریج

سبق پڑھوایئے ؛ اس دوران مشکل الفاظ کی تشریح بھی کرتے جایئے۔ جب سبق پڑھا جاچکے تو قائداعظم کی زندگی کے بارے میں تفاصیل بیان کیجیے۔

## جماعت کا کام

**What did you learn?** کے تحت دیا گیا سوال ا کروائیے۔

## LESSON PLAN (Period 2)

### Introductory Activity

Recap of the previous class; ask one or two students to tell the class the reason Pakistan was made. Ask some others to give an account of Quaid-e-Azam's life. Help them remember the name of Quaid's school. Tell them the name of the city in which it is located. They should know the meaning of Quaid-e-Azam, his date of birth, the day Pakistan came into being, etc.

### Development

Reading of the lesson for reinforcement; the following questions and answers are being given to help you. These can either be asked orally or done in copies.

When was India divided into two countries?
*India was divided into two countries in 1947.*

Name the two countries which came into being because of the division?
*The two countries were India and Pakistan.*

Who is the founder of Pakistan?
*Quaid-e-Azam Mohammad Ali Jinnah*

When was Quaid-e-Azam born?
*Quaid-e-Azam was born on 25 December, 1876.*

When do we celebrate the Independence Day?
*We celebrate the Independence Day on 14 August, every year.*

When did Quaid-e-Azam die?
*He died on 11 September, 1948.*

What was Quaid-e-Azam's profession?
*Quaid-e-Azam was a lawyer.* (Explain to students the job of a lawyer)

## سبق کی منصوبہ بندی (دوسرا پیریڈ)

## تعارفی سرگرمی

پچھلے سبق میں جو کچھ پڑھایا گیا تھا اس کا خلاصہ بیان کیجیے؛ ایک یا دو طالب علموں سے کہیے وہ کلاس کو بتائیں کہ پاکستان کیوں بنایا گیا تھا۔ چند دیگر طلبا سے کہیے کہ قائداعظم کے حالاتِ زندگی کے بارے میں مختصراً بیان کریں۔ انھیں قائداعظم کے اسکول کا نام ذہن نشین کروائیے۔ انھیں اس شہر کا نام بتائیے جہاں یہ واقع ہے۔ انھیں قائداعظم کا مطلب، ان کی تاریخ پیدائش، اور قیام پاکستان کی تاریخ وغیرہ معلوم ہونی چاہیے۔

## تدریج

سبق کا اعادہ کروانے کے لیے سبق پڑھوائیے۔ آپ کی مدد کے لیے ذیل میں سوال و جواب دیے جارہے ہیں۔ یہ سوال زبانی پوچھے جاسکتے ہیں اور ان کے جواب کاپیوں میں بھی لکھوائے جا سکتے ہیں۔

بھارت دوممالک میں کب تقسیم ہوا؟
بھارت **1947**ء میں دوممالک میں تقسیم ہوا۔

ان دوممالک کے نام بتائیں جو اس تقسیم کے نتیجے میں معرض وجود میں آئے؟
وہ دوممالک پاکستان اور بھارت ہیں۔

پاکستان کا بانی کون ہے؟
قائداعظم محمد علی جناح

قائداعظم کب پیدا ہوئے؟
قائداعظم کی پیدائش **25** دسمبر **1876**ء کو ہوئی۔

انھوں نے کس اسکول میں تعلیم پائی؟
انھوں نے سندھ مدرسۃ الاسلام سے تعلیم حاصل کی۔

ہم یوم آزادی کب مناتے ہیں؟
ہم ہر سال **14** اگست کو یوم آزادی مناتے ہیں۔

قائداعظم کا انتقال کب ہوا؟
ان کا انتقال **11** ستمبر **1948**ء کو ہوا۔

قائداعظم کا پیشہ کیا تھا؟
وہ وکیل تھے۔ (طلبا کو ایک وکیل کے کام کے بارے میں بتائیے)

## LESSON PLAN (Period 3)

### Introductory Activity
Ask a few students to give a recap of the unit.

### Class work
Written work in classwork copies. It can be questions given on page 8 of the book or the ones suggested by us for Period 2.

# CITY LIFE
Teaching time: 2 periods

## TEACHING OBJECTIVES:
- to explain what is a city and how it is different from a town and a village
- to describe a city and name the important buildings a city has like banks, offices, hospitals, colleges, etc.
- to give the example of Raza's city and describe the facilities it has
- to ask students to describe their own city and compare it to any other city they have visited

## KEYWORDS
building, hospitals, banks, markets, airport, railway station, machines, factories

## RESOURCES
textbook

## LESSON PLAN (Period 1)

### Introductory Activity
Write the topic on the board. Ask students what is a city and if they can describe it. Help them as they attempt to name the various buildings and facilities a city has. Ask if they can tell the difference between a city and a village. Encourage each student to speak and give your own input as well

Tell students that in between cities and villages are towns. A town is smaller than a city but larger than a village. It does not have as many facilities as a city.

## سبق کی منصوبہ بندی (تیسرا پیریڈ)

### تعارفی سرگرمی

چند طلبا سے سبق کا خلاصہ بیان کرنے کے لیے کہیے۔

### جماعت کا کام

کلاس ورک کی کاپیوں میں تحریری کام کروائیے۔ یہ کام، کتاب کے صفحہ ۸ پر دیا گیا سوال بھی ہوسکتا ہے یا پھر دوسرے پیریڈ کے لیے ہمارے تجویز کردہ سوال و جواب بھی طلبا سے کروائے جا سکتے ہیں۔

# شہری زندگی

تدریس کا دورانیہ: دو پیریڈ

### تدریسی مقاصد:

- واضح کرنا کہ شہر کیا ہوتا ہے اور یہ گاؤں اور قصبے سے کس طرح مختلف ہوتا ہے۔
- شہر کیا ہوتا ہے اور وہاں موجود اہم عمارات جیسے بینک، دفاتر، اسپتال، کالج وغیرہ کے نام بتانا۔
- رضا کے شہر کی مثال دیتے ہوئے وہاں دستیاب سہولتوں کو بیان کرنا۔
- طلبا سے اُن کے شہر کے بارے میں تفصیل معلوم کرنا اور اس کا موازنہ کسی دوسرے شہر کے ساتھ کروانا جہاں وہ جا چکے ہوں۔

### کلیدی الفاظ

عمارت، اسپتال، بینک، بازار، ہوائی اڈا، ریلوے اسٹیشن، مشینیں، فیکٹریاں۔

### امدادی اشیاء

نصابی کتاب

## سبق کی منصوبہ بندی (پہلا پیریڈ)

### تعارفی سرگرمی

عنوان بورڈ پر درج کردیجیے۔ طلبا سے پوچھیے شہر کیا ہوتا ہے اور کیا وہ اس کی وضاحت کر سکتے ہیں۔ شہر کی مختلف عمارات اور وہاں میسر ہونے والی سہولتوں کے نام بتانے میں ان کی مدد کیجیے۔ ان سے پوچھیے کیا وہ شہر اور گاؤں کا فرق بیان کر سکتے ہیں۔ عام طالب علموں کی حوصلہ افزائی کرکے انھیں بولنے کا موقع دیں اور اس بارے میں اپنی معلومات سے بھی انھیں آگاہ کیجیے۔
طلبا کو بتائیے کہ قصبہ، گاؤں اور شہر کے درمیان ہوتا ہے، یعنی شہر سے چھوٹا اور گاؤں سے بڑا ہوتا ہے۔ اس میں شہر جیسی تمام سہولیات موجود نہیں ہوتیں۔

### Development
Reading of the unit; explain the text as the reading is done. Make use of the photographs in the unit to describe a city. Name some important cities of Pakistan.

### Class work
**What did you learn?** Question 1 in their class work copies

## LESSON PLAN (Period 2)

### Introductory Activity
Give a recap of the previous lesson. Ask students questions about the text to see how much they remember. Ask them to describe Raza's city.

### Development
Reading of the unit for reinforcement

### Class work
**What did you learn?** Question 2

### Activity:
Help students to write five sentences; you can give them the beginnings of the sentences or sentences with some missing words. The sample given below is to help you. The many possible answers are for your guidance. If students need help these answers can be suggested to them.

1. My uncle lives in ____________________ (name of the city).
2. I go there to spend my ____________________ (summer, winter, Eid) holidays.
3. There are many ____________________ (parks, school, shops, hospitals, flyovers, buildings) in the city.
4. The roads are ____________________ (clean, wide, dirty, broken).
5. I like to visit ____________________ (name of a place, garden, park, shopping centre, etc.) in that city.

## تدریج

سبق پڑھوائیے۔ اس دوران متن کی وضاحت بھی کرتے جائیے۔ باب میں دی گئی تصاویر کی مدد سے شہر کے بارے میں تفاصیل بیان کیجیے۔ پاکستان کے کچھ اہم شہروں کے نام بتائیے۔

## جماعت کا کام

طلبا کی کلاس ورک کی کاپیوں میں **What did you learn?** کے تحت دیا گیا سوال ا کروائیے۔

## سبق کی منصوبہ بندی (دوسرا پیریڈ)

## تعارفی سرگرمی

پچھلے سبق کا خلاصہ بیان کیجیے۔ طلبا کو گزشتہ سبق کے متن سے متعلق کیا کچھ یاد ہے، یہ جاننے کے لیے ان سے سوالات کیجیے۔ ان سے کہیے کہ رضا کے شہر کے بارے میں تفصیل بیان کریں۔

## تدریج

طلبا کو ذہن نشین کروانے کے لیے سبق دوبارہ پڑھوائیے۔

## سرگرمی :

پانچ جملے لکھنے میں طلبا کی مدد کیجیے ؛ آپ انھیں جملوں کے ابتدائی الفاظ بتا سکتے ہیں یا خالی جگہوں کے ساتھ جملے دے سکتے ہیں۔ ذیل میں دیے گئے نمونے سے آپ کو مدد ملے گی۔ ممکنہ جوابات آپ کی رہنمائی کے لیے دیے گئے ہیں۔ اگر طلبا کو مدد کی ضرورت پیش آئے تو یہ جوابات انھیں تجویز کیے جا سکتے ہیں۔

1۔ میرے چچا ____________ (شہر کا نام) میں رہتے ہیں۔
2۔ میں وہاں ____________ (گرمیوں، سردیوں، عید) کی چھٹیاں گزارنے جاتا/جاتی ہوں۔
3۔ شہر میں بہت سے/سی ____________ (پارک، اسکول، دکانیں، اسپتال، پُل، عمارتیں) ہیں۔
4۔ سڑکیں ____________ (صاف ستھری، چوڑی، گندی، ٹوٹی پھوٹی) ہیں۔
5۔ مجھے اس شہر میں ____________ (جگہ کا نام، باغ، پارک، شاپنگ سینٹر وغیرہ) جانا اچھا لگتا ہے۔

# VILLAGES AND TOWNS

Teaching time: 2 periods

## TEACHING OBJECTIVES

- to explain the difference between a city, town, and a village
- to explain that towns are smaller than cities and the lifestyle of people is simple
- to explain that village life is slow and quiet
- to explain that villages do not have many facilities
- to explain that people in villages are mostly farmers but there are also people with different skills and professions

## KEYWORDS

farmer, dispensary, tractors, cobblers, carpenters, masons, tube wells

## RESOURCES

textbook, a list of words that describe city, town, or village

## LESSON PLAN (Period 1)

### Introductory Activity

Ask students if they belong to a village. Most of them will say yes. Encourage such students to speak about their villages, describing life there. Ask them how different their village is from the city where they are now living. If you are in a town, please compare it to a city to make your students understand the difference.

### Development

Reading of the unit; explain the difficult words. Ask students to look carefully at the pictures in this unit and compare them to the pictures in the previous unit. Ask what difference they see. Are these sights familiar to them?

### Class work

**What did you learn?** Question 1

### Homework

**What did you learn?** Question 2 (explain to students how this has to be done; give them possible answers)

## دیہات اور قصبے

تدریس کا دورانیہ : دو پیریڈ

### تدریسی مقاصد:

- شہر، قصبے اور گاؤں کا درمیانی فرق بیان کرنا۔
- واضح کرنا کہ قصبے، شہروں سے چھوٹے ہوتے ہیں اور یہاں کے لوگوں کا طرز زندگی سادہ ہوتا ہے۔
- بیان کرنا کہ گاؤں کی زندگی سست رفتار اور پُرسکون ہوتی ہے۔
- بیان کرنا کہ دیہات میں زیادہ سہولتیں نہیں ہوتیں۔
- واضح کرنا کہ دیہات میں رہنے والے بیشتر افراد کسان ہوتے ہیں لیکن کچھ لوگ دوسرے ہنر جانتے ہیں اور مختلف پیشے رکھتے ہیں۔

### کلیدی الفاظ

کسان ، شفاخانہ ، ٹریکٹر ، موچی ، بڑھئی ، معمار یا راج مستری ، ٹیوب ویل۔

### امدادی اشیاء

نصابی کتاب ؛ شہر، قصبے ، اور گاؤں سے متعلق الفاظ کی فہرست

### سبق کی منصوبہ بندی (پہلا پیریڈ)

### تعارفی سرگرمی

طلبا سے پوچھیے کہ کیا ان کا تعلق کسی گاؤں سے ہے۔ بیشتر کا جواب اثبات میں ہوگا۔ ان طلبا کو ترغیب دیجیے کہ وہ اپنے گاؤں کا ذکر کرتے ہوئے بتائیں کہ وہاں کی زندگی کیسی ہوتی ہے۔ پوچھیے کہ ان کا گاؤں اس شہر سے کتنا مختلف ہے جہاں وہ اب رہائش پذیر ہیں۔ اگر آپ کسی قصبے میں ہیں تو اس کا موازنہ شہر سے کیجیے تا کہ طلبا دونوں کے درمیان فرق سمجھ جائیں۔

### تدریج

سبق پڑھوایئے۔ اس دوران مشکل الفاظ کے معانی بھی بیان کیجیے۔ طلبا سے کہیے کہ وہ اس باب میں دی گئی تصاویر کو غور سے دیکھیں اور ان کا موازنہ پچھلے باب میں دی گئی تصاویر سے کریں۔ پوچھیے کہ انھیں کیا فرق نظر آتا ہے۔ کیا یہ مناظر ان کے جانے پہچانے ہیں؟

### جماعت کا کام

**What did you learn?** کے تحت دیا گیا سوال ۱ کروایئے۔

### گھر کا کام

**What did you learn?** کے تحت دیا گیا سوال ۲ کروایئے (طلبا کو سمجھایئے کہ یہ سوال کیسے کیا جائے گا ؛ انھیں ممکنہ جوابات بھی بتا دیجیے)

## LESSON PLAN (Period 2)

### Introductory Activity

Write on the board the topic: Cities, towns, and villages.

Make three columns on the board; give the first column the heading ‘City’; the second column the heading ‘Town’; and the third column the heading Village. From your list of words, read out the first one. It can be traffic. Ask students in which column to write this. It would go under City. Let your students guide you. If they are confused about a word, write it in the right column after explaining it. Suggested words are: airport, railway station, banks, hospitals, schools, parks, ships, seaport, many buildings, factories, mud houses, roofs of straw, cobblers, carpenters, masons, fields, farmers, tractors, motorcycles, tube wells, well, cows, goats, hens, teachers, dispensary, etc. Please note that some words will be common to all three columns, like teachers and cobblers. In that case, write them thrice and so on.

### Development

Ask some students to read the unit aloud. Discuss photographs.

### Class work

My page activity

Ask the students to write a few sentences about Pakistan, e.g. when it was created, who was the founder, which is the capital city, which is the biggest city, and so on. They may paste pictures of Quaid-e-Azam, important buildings, picture of Quaid’s mausoleum, Faisal mosque, etc.

### Homework

Activity given on page 12

## سبق کی منصوبہ بندی (دوسرا پیریڈ)

## تعارفی سرگرمی

بورڈ پر عنوان درج کر دیجیے: شہر، قصبے اور دیہات
بورڈ پر تین کالم بنایئے؛ پہلے کالم پر ''شہر''، دوسرے کالم پر ''قصبہ'' اور تیسرے کالم پر ''گاؤں'' کی سُرخی تحریر کیجیے۔ الفاظ کی جو فہرست آپ کے پاس ہے، اس میں سے پہلا لفظ پڑھیے۔ یہ لفظ ٹریفک بھی ہوسکتا ہے۔ طلبا سے پوچھیے کہ یہ لفظ کس کالم میں لکھا جائے گا۔ یہ ''شہر'' کے کالم میں درج ہوگا۔ یہ سلسلہ جاری رکھیے۔ آپ لفظ پکاریں اور طلبا بتائیں کہ اسے کس کالم میں لکھا جائے۔ اگر وہ کسی لفظ کے بارے میں اُلجھ جائیں تو اس کی وضاحت کرتے ہوئے اسے متعلقہ کالم میں درج کردیجیے۔ اس سرگرمی کے لیے مجوزہ الفاظ ہیں: ہوائی اڈا، ریلوے اسٹیشن، بینک، اسپتال، اسکول، پارک، بحری جہاز، بندرگاہ، بہت سی عمارتیں، فیکٹریاں، مٹی سے بنے ہوئے گھر، پیال یا گھاس پھوس کی چھت، موچی، بڑھئی، راج مستری، کھیت، کسان، ٹریکٹر، موٹرسائیکل، ٹیوب ویل، کنواں، گائیں، بکریاں، مرغیاں، اساتذہ، شفاخانہ وغیرہ۔ یہ بات ذہن میں رہے کہ کچھ الفاظ تینوں کالموں کے لیے موزوں ہوں گے، جیسے اساتذہ اور موچی۔ ایسی صورت میں انھیں تینوں کالموں میں درج کردیجیے۔ دوسرے مشترک الفاظ کے لیے بھی یہی طریقہ اختیار کیا جائے گا۔

## تدریج

سبق پڑھوایئے اور تصاویر پر تبادلۂ خیال کروایئے۔

## جماعت کا کام

میرا صفحہ کی سرگرمی
طلبا سے کہیے کہ اپنے ملک کے بارے میں چند جملے تحریر کریں، جیسے یہ کب وجود میں آیا، بانی کون تھا، پاکستان کے دارالحکومت کا کیا نام ہے، پاکستان کا سب سے بڑا شہر کون سا ہے وغیرہ وغیرہ۔
طلبا قائداعظم، اہم عمارتوں، مقبرہ قائداعظم، فیصل مسجد وغیرہ کی تصاویر بھی چسپاں کر سکتے ہیں۔

## گھر کا کام

صفحہ نمبر ۱۲ پر دی گئی سرگرمی کروایئے۔

# UNIT 2: LIVING TOGETHER

**A SPECIAL DAY**
**FESTIVALS AROUND THE WORLD**
**PLACES OF WORSHIP**
**BEING GOOD**
**WORKING TOGETHER**

## A SPECIAL DAY

Teaching time: 2 periods

### TEACHING OBJECTIVES:

- to explain the importance of the two main Islamic festivals, Eid-ul-Fitr and Eid-ul-Azha
- to describe how the two festivals are celebrated

### KEYWORDS

festival, celebrate, joy, happiness, mosque, prayers, relatives, Zilhajj, Ramazan

### RESOURCES

textbook

### LESSON PLAN (Period 1)

#### Introductory Activity

Write the topic on the board. Ask students how they celebrate Eid. Do they visit friends and relatives? How do they begin the day? Do they go for Eid prayers? Do they get *eidee*? Do they wear new clothes? Ask whether they know about another Eid. Then ask the difference between the two.

Inform students about the significance of the two festivals. Eid-ul-Fitr is celebrated after Ramazan, the Islamic month of fasting. Eid-ul-Azha is celebrated on 10 Zilhaj, a day after Hajj is performed. Explain the story behind Eid-ul-Azha, how it is celebrated in remembrance of Hazrat Ibrahim's عليه السلام sacrifice.

# باب 2 : مل کر رہنا

ایک خاص دن

دنیا میں منائے جانے والے تہوار

عبادت گاہیں

با کردار بننا

مل کر کام کرنا

## ایک خاص دن

تدریس کا دورانیہ : دو پیریڈ

### تدریسی مقاصد:

- دو اہم اسلامی تہواروں ،عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ کی اہمیت بیان کرنا۔
- بیان کرنا کہ یہ تہوار کیسے منائے جاتے ہیں۔

### کلیدی الفاظ

تہوار ، منانا ، خوشی ، مسرت ، مسجد ، نماز ، عزیز و اقارب ، ذوالحج ، رمضان

### امدادی اشیاء

نصابی کتاب

## سبق کی منصوبہ بندی (پہلا پیریڈ)

### تعارفی سرگرمی

بورڈ پر سبق کا عنوان درج کر دیجیے۔ طلبا سے پوچھیے کہ وہ عید کیسے مناتے ہیں۔ کیا وہ دوستوں اور رشتے داروں سے ملنے جاتے ہیں؟ یوم عید کا آغاز وہ کیسے کرتے ہیں؟ کیا وہ عید کی نماز پڑھنے کے لیے جاتے ہیں؟ کیا انھیں عیدی ملتی ہے؟ کیا وہ نئے کپڑے پہنتے ہیں؟ پوچھیے کہ کیا وہ کسی اور عید کے بارے میں جانتے ہیں۔ پھر ان سے دونوں عیدوں کے بارے میں فرق پوچھیے۔

طلبا کو دونوں تہواروں کی اہمیت سے آگاہ کیجیے۔ عیدالفطر ماہ رمضان ختم ہونے پر منائی جاتی ہے۔ اس اسلامی مہینے میں روزے رکھے جاتے ہیں۔ عیدالاضحیٰ دس ذوالحج کو ، حج ہوجانے کے اگلے روز منائی جاتی ہے۔ عیدالاضحیٰ کا پس منظر بیان کیجیے کہ کیسے یہ عید حضرت ابراہیم علیہ السلام کی جانب سے حضرت اسماعیل علیہ السلام کی قربانی پیش کیے جانے کی یاد میں منائی جاتی ہے۔

## Development

Reading of the lesson; you may ask the following questions to check understanding.

Why are Mona and Zaid happy?

*They are happy because it is Eid.*

When is Eid-ul-Fitr celebrated?

*It is celebrated after Ramazan on the first of Shawwal.*

How does the day begin?

*The day begins by offering namaz.*

What do people do next?

*People wish each other Eid Mubarak.*

What is the second festival called?

*Eid-ul-Azha is the second important festival.*

When is Eid-ul-Azha celebrated?

*It is celebrated after Hajj, on the 10 Zilhaj.*

## Class work

**What did you learn?** Question 1

## LESSON PLAN (Period 2)

## Introductory Activity

Recap of the previous lesson; ask questions based on text to check students' understanding. Discuss the photographs and illustrations in the unit.

## Development

Teach students to do word search. Ask them to look at Question 3 on page 16. Find the first word for them and encircle.

## Class work

**What did you learn?** Question 3

## Homework

**What did you learn?** Question 2

## تدریج

سبق پڑھوایئے؛ سبق کے بارے میں طلبا کی فہم جانچنے کے لیے آپ ان سے مندرجہ ذیل سوال پوچھ سکتے ہیں۔

مونا اور زید خوش کیوں ہیں؟
وہ اس لیے خوش ہیں کہ آج عید ہے۔

عیدالفطر کب منائی جاتی ہے؟
یہ عید ماہ رمضان کے بعد یکم شوال کو منائی جاتی ہے۔

یوم عید کا آغاز کیسے ہوتا ہے؟
اس کا آغاز نماز کی ادائیگی سے ہوتا ہے۔

نماز کے بعد لوگ کیا کرتے ہیں؟
وہ ایک دوسرے کو عید کی مبارک باد دیتے ہیں۔

دوسرا تہوار کیا کہلاتا ہے؟
عیدالاضحیٰ دوسرا اہم تہوار ہے۔

عیدالاضحیٰ کب منائی جاتی ہے؟
یہ حج کے بعد ذوالحج کی دس تاریخ کو منائی جاتی ہے۔

## جماعت کا کام

**What did you learn?** کے تحت دیا گیا سوال ۱ کروایئے۔

## سبق کی منصوبہ بندی (دوسرا پیریڈ)

## تعارفی سرگرمی

پچھلے سبق کا خلاصہ بیان کیجیے؛ طلبا سبق کو کس حد تک سمجھ پائے ہیں، یہ جاننے کے لیے ان سے متن سے متعلق سوالات کیجیے۔ باب میں دی گئی تصاویر اور خاکوں کو زیر بحث لایئے۔

## تدریج

طلبا ''ورڈ سرچ'' میں کو لفظ تلاش کرنا سکھایئے۔ ان سے کہیے کہ صفحہ ۱۶ پر دی گئی مشق ۳ پر غور کریں۔ بطور مثال انھیں ایک لفظ تلاش کر کے دکھایئے۔

## جماعت کا کام

**What did you learn?** کے تحت دیا گیا سوال ۳ کروایئے۔

## گھر کا کام

**What did you learn?** کے تحت دی گئی مشق ۲ کروایئے۔

# FESTIVALS AROUND THE WORLD

Teaching time: 2 periods

## TEACHING OBJECTIVES:

- to explain that just as Muslims celebrate their festivals, people of other religions celebrate their religious festivals too
- to explain that Christians celebrate Christmas and Hindus celebrate Diwali
- to explain that the Chinese New Year is a very important festival for the Chinese

## KEYWORDS

festival, Christians, celebrate, Christmas, Diwali, Hindus, Chinese

## RESOURCES

textbook

## LESSON PLAN (Period 1)

### Introductory Activity

If there are any Hindus and Christian students in your class, ask them to come to the front of the classroom and tell everyone about their religious festivals and how they are celebrated. Tell your Muslim students the Hindus and Christians celebrate Diwali and Christmas just as we celebrate our two Eids. Both these festivals are very important for them.

If all your students are Muslims find out how much they know about these festivals and add to their information. Make sure there is harmony and mutual respect among students if it is a mixed class.

Tell them about the Chinese New Year. It is celebrated all over the world by Chinese people. There are fireworks and colourful parades. You can get some more information about the Chinese New Year if you like, and share it with your students. Tell them that red colour is very important for the Chinese. On New Year, they give each other money in red envelopes just like we give *eidee.* But unlike *eidee*, the little red envelopes are given from the young to the old as well.

# دنیا بھر میں منائے جانے والے تہوار

تدریس کا دورانیہ : دو پیریڈ

## تدریسی مقاصد:

- بیان کرنا کہ مسلمانوں کی طرح دوسرے مذاہب سے تعلق رکھنے والے لوگ بھی اپنے اپنے تہوار مناتے ہیں۔
- واضح کرنا کہ عیسائی ، کرسمس اور ہندو ، دیوالی مناتے ہیں۔
- وضاحت کرنا کہ ''چینی سال نو'' چینیوں کا اہم تہوار ہے۔

## کلیدی الفاظ

تہوار ، عیسائی ، منانا ، کرسمس ، دیوالی ، ہندو ، چینی۔

## امدادی اشیاء

نصابی کتاب

## سبق کی منصوبہ بندی (پہلا پیریڈ)

## تعارفی سرگرمی

اگر کلاس میں کوئی عیسائی یا ہندو بچہ ہو تو اسے کلاس کے سامنے بلا کر اس سے کہیے کہ وہ اپنے مذہبی تہواروں کے بارے میں طلبا کو بتائے ، طلبا کو یہ بھی بتایئے کہ یہ تہوار کس طرح منائے جاتے ہیں۔ مسلم طلبا کو بتایئے کہ جیسے ہم دو عیدیں مناتے ہیں ، ہندو اور عیسائی بھی دیوالی اور کرسمس مناتے ہیں۔ یہ دونوں تہوار ان کے لیے بے حد اہم ہیں۔

اگر آپ کے تمام طلبا مسلمان ہیں تو پھر سوالات کے ذریعے اندازہ کیجیے کہ وہ ان تہواروں کے بارے میں کیا جانتے ہیں۔ اس بات کو یقینی بنایئے کہ کلاس میں ہم آہنگی اور باہمی احترام کی فضا قائم رہے۔

انھیں چینی سال نو کے بارے میں بتایئے۔ دنیا بھر میں چینی یہ تہوار مناتے ہیں۔ اس موقع پر آتش بازی کی جاتی ہے اور لوگ رنگ برنگے کپڑے پہن کر پریڈ میں حصہ بھی لیتے ہیں۔ اگر چاہیں تو آپ چینی سال نو کے بارے میں مزید معلومات حاصل کر کے ان سے طلبا کو آگاہ کر سکتے ہیں۔ انھیں بتایئے کہ چینیوں کے لیے سرخ رنگ بے حد اہمیت رکھتا ہے۔ سال نو کے آغاز پر وہ سرخ رنگ کے لفافوں میں رکھ کر ایک دوسرے کو رقم دیتے ہیں ، بالکل اسی طرح جیسے ہم عیدی دیتے ہیں۔ تاہم فرق یہ ہے عیدی ، بڑے چھوٹوں کو دیتے ہیں مگر چینیوں میں چھوٹے بھی بڑوں کو سرخ لفافے دیتے ہیں۔

### Development
Reading of the lesson; explain the text as they read along.

### Class work
**What did you learn?** Questions 1 a-b

## LESSON PLAN (Period 2)

### Introductory Activity
Recap of the previous lesson

### Class work
**What did you learn?** Question 1 c-e and **My page**; Give any unfinished work as homework.

# PLACES OF WORSHIP
Teaching time: 1 period

## TEACHING OBJECTIVE
- to explain that every religion has its own place of worship
- to name the places of worship of the main minority religions of Pakistan

## KEYWORDS
Church, Christians, Hindus, Chinese, temple, Sikhs, Buddhists

## RESOURCES
textbook

## تدریج

طلبا سبق پڑھیں ؛ آپ ساتھ ساتھ متن کی وضاحت بھی کرتی جایئے۔

## جماعت کا کام

What did you learn? کے تحت دیا گیا سوال 1 a تا b کروایئے ۔

## سبق کی منصوبہ بندی (دوسرا پیریڈ)

## تعارفی سرگرمی

گزشتہ سبق کا خلاصہ بیان کیجیے۔

## جماعت کا کام

What did you learn? کے تحت دیا گیا سوال **c 1** تا **e** اور "میرا صفحہ" مکمل کروایئے جو کام باقی رہ جائے اُسے ہوم ورک کے طور پر دیجیے۔

# عبادت گاہیں

تدریس کا دورانیہ : ایک پیریڈ

## تدریسی مقاصد:

- بیان کرنا کہ ہر مذہب کی اپنی عبادت گاہ ہوتی ہے۔
- پاکستان کے اہم اقلیتی مذاہب کی عبادت گاہوں کے نام بتانا۔

## کلیدی الفاظ

گرجا گھر، عیسائی ، ہندو ، چینی ، مندر ، سکھ ، بودھ۔

## امدادی اشیاء

نصابی کتاب

## LESSON PLAN

### Introductory Activity
If you have people from other religions in your class, call them to the front of the class and ask about their places of worship. If there are no such students then tell your Muslims students that the people whose festivals they studied about in their last class go to special places to pray. This unit will tell them about these places. It will also tell them about some other places of worship.

### Development
Reading of the unit; explain the text as they read. Here are some sample questions you may ask at the end of the unit to check their understanding.

Name the two famous mosques of Pakistan.

*The famous mosques are Badshahi Mosque in Lahore and Faisal Mosque in Islamabad.*

Where do Christians pray?

*Christians to pray in a church.*

Where do Hindus and Sikhs pray?

*Hindus and Sikhs pray in a temple.*

Where do Buddhists pray?

*Buddhists pray in a Buddhist temple.*

### Class work
**What did you learn?** Question 1 a-e

### Homework
**What did you learn?** Question 2

## BEING GOOD
Teaching time: 3 periods

### TEACHING OBJECTIVES
- to encourage students to develop good habits
- to encourage the use of courtesy words
- to teach students good manners

## سبق کی منصوبہ بندی

### تعارفی سرگرمی

اگر آپ کی کلاس میں دوسرے مذاہب سے تعلق رکھنے والے بچے موجود ہیں تو انھیں کلاس کے سامنے بُلائیے اور ان کی عبادت گاہوں کے بارے میں پوچھیے۔ اگر کوئی غیرمسلم طالب علم نہ ہوتو پھر اپنے مسلمان طلبا کو بتائیے کہ جن غیر مسلموں کے تہواروں کے بارے میں انھوں نے پچھلی کلاس میں پڑھا تھا، وہ عبادت کرنے کے لیے مخصوص جگہوں پر جاتے ہیں۔ اس باب سے انھیں ایسی ہی جگہوں کے بارے میں معلومات حاصل ہوں گی۔ علاوہ ازیں اس باب میں وہ چند دوسری عبادت گاہوں کے بارے میں بھی پڑھیں گے۔

### تدریج

طلبا سبق پڑھیں؛ اس دوران آپ متن کی تشریح بھی کرتے جائیے۔ ذیل میں بطور مثال کچھ سوالات دیے گئے ہیں جو سبق کے اختتام پر طلبا کی فہم جانچنے کے لیے آپ ان سے پوچھ سکتے ہیں۔

پاکستان کی دومشہور مساجد کے نام بتائیں۔
لاہور کی بادشاہی مسجد اور اسلام آباد میں واقع فیصل مسجد پاکستان کی مشہور مساجد ہیں۔

عیسائی کہاں عبادت کرتے ہیں؟
عیسائی عبادت کرنے کے لیے گرجا گھر جاتے ہیں۔

ہندو اورسکھ عبادت کرنے کے لیے کہاں جاتے ہیں؟
ہندو مندر میں اورسکھ گردوارے میں عبادت کرتے ہیں۔

بودھ کہاں عبادت کرتے ہیں؟
بودھ معبد/ پگوڈا میں عبادت کرتے ہیں۔

### جماعت کا کام

**What did you learn?** کے تحت دیا گیا سوال ۲ کروایئے۔

## باکردار بننا

تدریس کا دورانیہ: تین پیریڈ

### تدریسی مقاصد:

- اچھی عادات اپنانے کے لیے طلبا کی حوصلہ افزائی کرنا۔
- شائستہ الفاظ کے استعمال کی ترغیب دینا۔
- طلبا کو اچھے اخلاق و اطوار سکھانا۔

## KEYWORDS
family member, politely, carefully, hurt

## RESOURCES
textbook

## LESSON PLAN (Period 1)

### Introductory Activity
This unit is not only about teaching students good manners, it also tries to help them become good, caring individuals. It is common to see children behave in a rowdy manner and pick up fights to settle disputes because they do not know how else to tackle the problem. Please tell them that fighting never solves a problem. If there is a dispute, it should always be talked out.

Ask students what they do when you enter the class. They greet you and say Assalam-o-alaikum or good morning. Explain that it is a way of giving respect. When someone does something for us or gives us something, we say thank you. When a student wants to enter the class, what does he/she say? He/she takes permission from the teacher and asks, “May I enter the class?” or “May I come in?” When we make a mistake, break something, or say something hurtful, we should always apologize and say sorry.

Please make sure that good manners are practised in your class all the time. For this you’ll have to practise them yourself to set a good example.

### Development
Reading of the lesson; explain as required.

### Class work
**What did you learn?** Questions 1 a-d

## LESSON PLAN (Period 2)

### Introductory Activity
Begin the class with role-play to reinforce the last lesson. Give different scenarios and ask students how they would behave in each situation. Some examples:

1. A girl slips on the floor (normally children start laughing when this happens. They must be told that it is wrong. They must always realize how the person who has fallen down must be feeling. Also ask how they would feel if they fell down and everybody laughed.)

## کلیدی الفاظ

گھر یا خاندان کا رُکن ، شائستگی سے ، احتیاط سے ، دکھ پہنچانا۔

## امدادی اشیاء

نصابی کتاب

## سبق کی منصوبہ بندی (پہلا پیریڈ)

## تعارفی سرگرمی

یہ باب نہ صرف طلبا کو اچھے اخلاق سکھانے سے متعلق ہے بلکہ اس سے انھیں نیک، باادب اور ہمدرد بننے میں بھی رہنمائی ملے گی۔ اکثر اوقات ہمارے بچے بدتمیزی کا مظاہرہ کرتے ہیں اور اپنے چھوٹے موٹے تنازعات حل کرنے کے لیےلڑائی جھگڑے پر اُتر آتے ہیں ، کیوں کہ وہ نہیں جانتے کہ مسئلے کو اور کس طرح سے حل کیا جا سکتا ہے۔ انھیں بتایئے کہ لڑائی جھگڑے اور ہاتھا پائی سے کوئی مسئلہ حل نہیں ہوتا۔ اگر کوئی مسئلہ درپیش ہوتا ہےتو اسے ہمیشہ بات چیت کے ذریعےحل کیا جانا چاہیے۔
طلبا سے پوچھیے جب آپ کلاس میں داخل ہوتی ہیں تو وہ کیا کرتے ہیں۔ وہ السلامُ علیکم یا گڈ مارننگ جیسے الفاظ ادا کرکے آپ کو خوش آمدید کہتے ہیں۔ انھیں بتایئے کہ یہ احترام کرنے اور عزت دینے کا ایک انداز ہے۔ جب کوئی ہمارے لیے کچھ کرتا ہے یا ہمیں کچھ دیتا ہے تو ہم اس کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ جب ایک طالب علم کلاس میں داخل ہونا چاہتا ہے تو کیا کہتا ہے؟ وہ ٹیچر سے اجازت لیتا ہے اور کہتا ہے، ''کیا میں کلاس میں داخل ہوسکتا ہوں؟'' یا ''میں اندر آ سکتا ہوں؟'' جب ہم کوئی غلطی کر بیٹھیں ، کوئی چیز توڑ دیں ، یا کسی کو دُکھ پہنچانے والی بات کہہ دیں تو اس کا ازالہ کرنے کے لیے ہمیشہ ''سوری یا میں معذرت چاہتا ہوں'' کہنا چاہیے۔ اس بات کو یقینی بنایئے کہ کلاس میں بچے ہمیشہ اچھے اخلاق کا مظاہرہ کریں۔ اس مقصد کے لیے سب سے پہلے خود آپ کو اچھا اخلاق اپنا کر مثال قائم کرنی ہوگی۔

## تدریج

سبق پڑھا جائے ؛ جہاں ضرورت پیش آئے وہاں متن کی دوبارہ تشریح کیجیے۔

### جماعت کا کام

**What did you learn?** کے تحت دیا گیا سوال a 1 تا d کروایئے۔

## سبق کی منصوبہ بندی (دوسرا پیریڈ)

## تعارفی سرگرمی

پچھلے سبق کا طلبا کو اعادہ کروانے کے لیے رول پلے کی سرگرمی سے کلاس کا آغاز کیجیے۔ انھیں مختلف منظرنامے یا ڈرامائی خاکے دیجیے اور پوچھیے کہ ہرصورت حال میں وہ کیسا رویہ اپنائیں گے۔ چند مثالیں یہ ہیں:

ا۔ فرش پرلڑکی کا پھسل جانا (جب ایسا ہوتا ہے تو عام طور پر بچے ہنسنا شروع کردیتے ہیں۔ انھیں بتایا جائے کہ ایسا کرنا غلط ہے۔ انھیں یہ سمجھنا چاہیے کہ فرش پر پھسل جانے والی لڑکی کیا محسوس کررہی ہوگی۔ نیز یہ کہ اگر وہ خود گرجائیں اور سب ان پر ہنس رہے ہوں تو انھیں کیسا محسوس ہوگا۔)

2. A student asks another for a pencil sharpener. Make sure he says 'Please' while asking. He can say "Can I please borrow your sharpener?" Even if he speaks in Urdu, he should use 'please' since 'meherbani say' sounds too formal. When he has been given the sharpener he should say 'Thank you'.
3. Two students are coming from opposite directions. They crash into each other by mistake. They should both say sorry. If it was one student's fault then he should say "sorry" and the other one should say "It's okay."
4. Two students are shouting at each other. One student is angry because the other one has broken his pencil. The dialogues relate to this. Ask your students if fighting is the solution to this problem. Let them find a solution. If the correct one doesn't come tell them because the pencil has been broken, the one who broke it should apologize (say sorry). He should offer to replace it. The one whose pencil broke can either say, "it's okay, you don't need to bring me another pencil" or "Okay, that's fine. Please bring it tomorrow." Please explain that fighting will not bring the pencil back and this is not how civilized people behave. Accidents do happen and can happen with anyone.

## Development
Reading of the unit for reinforcement

## Class work
**What did you learn?** Question 3

## Homework
**What did you learn?** Question 2

## LESSON PLAN (Period 3)

## Class work
**My page** on page 27

Help students do this exercise. Sample sentences are given here:

I can be kind to my parents by speaking to them politely. When they call me, I can go running. I should not make them wait. I should always do as I am told. I should not fight with my friends. I can share my toys with my friends. I can speak to them politely.

## Homework
Worksheet 4

۲۔ ایک طالب علم دوسرے سے پنسل شارپنر مانگتا ہے۔ اس بات کو یقینی بنایئے کہ وہ پنسل شارپنر طلب کرتے ہوئے ''پلیز'' ضرور کہے۔ مثلاً وہ کہہ سکتا ہے ''پلیز کیا میں کچھ دیر کے لیے تمھارا شارپنر لے سکتا ہوں؟'' اگر وہ اُردو میں بھی بات کر رہا ہو تو اسے ''پلیز'' کا استعمال کرنا چاہیے کیوں کہ ''مہربانی سے'' بہت رسمی معلوم ہوتا ہے۔ شارپنر مل جانے پر اسے ''تھینک یو'' کہنا چاہیے۔

۳۔ دو طلبا مخالف سمتوں سے آرہے ہیں اور غلطی سے ایک دوسرے کے ساتھ ٹکرا جاتے ہیں۔ دونوں کو ایک دوسرے سے معذرت کرتے ہوئے ''سوری'' کہنا چاہیے۔ اگر ان کا ٹکراؤ ایک طالب علم کی غلطی کے باعث ہوا ہو تو وہ ''سوری'' کہے۔ جواباً دوسرا طالب علم کہے گا ''اٹس او کے'' (کوئی بات نہیں)۔

۴۔ دو طلبا ایک دوسرے پر چیخ رہے ہیں۔ ایک طالب علم غصے میں ہے کیوں کہ دوسرے نے اس کی پنسل توڑ دی ہے۔ ان کے مکالمات یہی صورت حال بیان کرتے ہیں۔ طلبا سے پوچھیے کیا لڑائی جھگڑا اس مسئلے کا حل ہے؟ انھیں اس مسئلے کا حل تلاش کرنے دیجیے۔ اگر کوئی بھی طالب علم درست حل تجویز نہ کرسکے تو انھیں بتایئے چوں کہ پنسل ٹوٹ گئی ہے اس لیے جس بچے نے پنسل توڑی ہے اسے معافی مانگنی چاہیے (سوری کہنا چاہیے)، اور نئی پنسل لاکر دینے کی پیش کش کرنی چاہیے۔ جس بچے کی پنسل ٹوٹی ہے وہ یہ کہہ سکتا ہے، ''کوئی بات نہیں، تمھیں نئی پنسل لاکر دینے کی ضرورت نہیں ہے'' یا پھر یہ کہہ سکتا ہے، ''یہ ٹھیک ہے۔ پلیز کل لے آنا'' طلبا پر واضح کر دیجیے کہ لڑنے جھگڑنے سے ٹوٹی ہوئی پنسل صحیح سالم نہیں ہو جائے گی نیز یہ کہ مہذب لوگ اس رویے کا مظاہرہ نہیں کرتے۔ حادثات ہوجاتے ہیں اور کسی کے ساتھ بھی ہو سکتے ہیں۔

## تدریج

بچوں کو اچھی طرح اعادہ کروانے کے لیے سبق دوبارہ پڑھوایئے۔

## جماعت کا کام

**What did you learn?** کی سرخی کے تحت دیا گیا سوال ۳ کروایئے۔

## گھر کا کام

**What did you learn?** کی سرخی کے تحت دیا گیا سوال ۲ کروایئے۔

## سبق کی منصوبہ بندی (تیسرا پیریڈ)

## جماعت کا کام

صفحہ ۲۷ پر میرا صفحہ کے عنوان سے دی گئی مشق۔
یہ مشق کرنے میں طلبا کی مدد کیجیے۔ بطورِ نمونہ، جملے ذیل میں دیے گئے ہیں:
میں بات چیت کے دوران نرم اور شائستہ لہجہ اختیار کرکے اپنے والدین کے ساتھ مہربانی سے پیش آسکتا ہوں۔ جب وہ بُلائیں تو میں دوڑتا ہوا ان کے پاس جاسکتا ہوں۔ مجھے انھیں انتظار نہیں کروانا چاہیے۔ مجھے ہمیشہ وہی کرنا چاہیے جو مجھ سے کہا جائے۔ مجھے اپنے دوستوں سے جھگڑنا نہیں چاہیے۔ ان کے ساتھ مل کر اپنے کھلونوں سے کھیل سکتا ہوں۔ میں ان کے ساتھ نرمی اور شائستگی سے بات کرسکتا ہوں۔

## گھر کا کام

ورک شیٹ ۴۔

# WORKING TOGETHER

Teaching time: 2 periods

## TEACHING OBJECTIVES:

- to explain that everyone works for a living
- to explain that people have different professions
- to explain that we benefit from each other's work
- to explain that each profession must be respected

## KEYWORDS

teacher, bus driver, doctor, nurse, pilot, baker, sailor, bookseller, hospital, markets, mills, potter

## RESOURCES

textbook

## LESSON PLAN (Period 1)

### Introductory Activity

Write 'Profession' on the board. Explain what this word means. It is the type of work that one does to make a living. Everybody has to earn money to make a living and to do this people choose different professions. Ask students to name some professions. They can name their parent/parents' profession or their aunts' and uncles'. Guide them by adding professions they may not be aware of. Tell them that teaching is also a profession which you have chosen. The same way, the cleaners who clean the school, the gardener, etc. also follow a profession.

Tell your students that each profession is to be respected. As long as the money is being earned honestly and with hard work, it doesn't matter what profession one has. The board should have many professions listed, e.g. teacher, doctor, architect, engineer, nurse, scientist, cook, designer, artist, writer, editor, banker, potter, etc.

### Development

Reading of the lesson; explain the text as required.

# مل کر کام کرنا۔

تدریس کا دورانیہ : دو پیریڈ

## تدریسی مقاصد:

- بیان کرنا کہ ہر شخص گزر بسر کے لیے کام کرتا ہے۔
- واضح کرنا کہ لوگوں کے مختلف پیشے ہوتے ہیں۔
- بیان کرنا کہ ایک دوسرے کے کاموں سے ہمیں فائدہ پہنچتا ہے۔
- بیان کرنا کہ ہر پیشے کا احترام کیا جانا چاہیے۔

## کلیدی الفاظ

ٹیچر، بس ڈرائیور، ڈاکٹر، نرس، پائلٹ، نانبائی، ملاح، کتب فروش، اسپتال، مارکیٹ یا بازار، چکی، کمہار۔

## امدادی اشیاء

نصابی کتاب

## سبق کی منصوبہ بندی (پہلا پیریڈ)

## تعارفی سرگرمی

بورڈ پر لفظ ''پیشہ'' تحریر کر دیجیے۔ اس لفظ کا مطلب بیان کیجیے۔ اس سے مراد وہ کام ہے جو ایک شخص اپنی گزر بسر کے لیے کرتا ہے۔ گزر اوقات کے لیے ہر کسی کو پیسا کمانا پڑتا ہے۔ اس مقصد کے لیے لوگ مختلف پیشے اختیار کرتے ہیں۔ طلبا سے کہیے کہ چند پیشوں کے نام بتائیں۔ وہ اپنے والد/ والدین یا انکل/آنٹی وغیرہ کے پیشے کا نام لے سکتے ہیں۔ ان پیشوں کے نام بتا کر ان کی رہنمائی کیجیے جن سے وہ واقف نہ ہوں۔ انھیں بتایئے کہ تدریس بھی ایک پیشہ ہے جس کا آپ نے انتخاب کیا ہے۔ اسی طرح خاکروب یا وہ شخص جو اسکول کی صفائی ستھرائی کرتا ہے، اور مالی وغیرہ بھی پیشے ہیں۔

طلبا کو بتایئے کہ ہر پیشے کا احترام کرنا ضروری ہے۔ جب تک ایمان داری اور محنت سے آمدنی حاصل کی جا رہی ہے، اس وقت تک اس بات کی کوئی اہمیت نہیں کہ کسی شخص نے کون سا پیشہ اپنا رکھا ہے۔ بورڈ پر مختلف پیشوں کے نام درج کر دیجیے، مثلاً استاد، ڈاکٹر، ماہر تعمیرات، انجنیئر، نرس، سائنس داں، باورچی، ڈیزائنر، مصور، قلم کار، مدیر، بینکار، کمہار وغیرہ۔

## تدریج

سبق پڑھنے کو کہیے؛ جہاں ضرورت پیش آئے متن کی تشریح کیجیے۔

## Class work

**What did you learn?** Question 1 a-b

## Homework

**What did you learn?** Question 2

## LESSON PLAN (Period 2)

## Introductory Acitivity

Play dumb charade. Ask some students to come to the front of the class. Give them a profession and ask them to describe it through actions. They are not allowed to speak. The others should guess the profession. For example, they can be using a spade or a pickaxe to act like a farmer; they can pretend to give somebody an injection to act like a nurse, or use a stethoscope like a doctor.

## Development

Reading of the unit for reinforcement; explain where required. Allow students to ask questions.

## Class work

Worksheet 5

## Homework

**What did you learn?** Question 3 and the Activity on page 26

## جماعت کا کام

**What did you learn?** کے تحت سوال 1 a تا b کروایا جائے۔

## گھر کا کام

**What did you learn?** کے تحت سوال ۲ کروایا جائے۔

## سبق کی منصوبہ بندی (دوسرا پیریڈ)

## تعارفی سرگرمی

اشاروں کی مدد سے بوجھنے کا کھیل کھیلئے۔ چند طلبا سے کہیے کہ کلاس کے سامنے آجائیں۔ انھیں ایک پیشہ بتائیے اور پھر کہیے کہ وہ جسمانی حرکات کے ذریعے اس پیشے کو ظاہر کریں۔ انھیں بولنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ باقی طلبا ان کے اشاروں کی مدد سے پیشہ بوجھنے کی کوشش کریں۔ مثال کے طور پر وہ پھاوَڑا یا کلہاڑی لے کر ان اوزاروں کو کسان کی طرح چلا سکتے ہیں؛ وہ نرس کی طرح کسی کو ٹیکا لگانے کی اداکاری کر سکتے ہیں، یا پھر ڈاکٹر کی طرح اسٹیتھو اسکوپ استعمال کرنے کا مظاہرہ کر سکتے ہیں۔

## تدریج

طلبا کو ذہن نشین کروانے کے لیے سبق دوبارہ پڑھنے کو کہیے؛ اس دوران جہاں ضرورت پیش آئے متن کی تشریح کیجیے۔ طلبا کو سوال پوچھنے کی اجازت دیجیے۔

## جماعت کا کام

ورک شیٹ ۵

## گھر کا کام

**What did you learn?** کے تحت دیا گیا سوال ۳ اور صفحہ ۲۶ پر مذکور سرگرمی کروائیے۔

# UNIT 3: THEN AND NOW

## HOW THINGS CHANGE

Teaching time: 2 periods

## TEACHING OBJECTIVES

- to explain that people who lived many years ago, lived differently
- to explain that everything changes with time
- to explain that new inventions replace the old ones

## KEYWORDS

travelled, machines, pedestal fan, gadgets, ruins, destroyed, damaged

## RESOURCES

textbook

## LESSON PLAN (Period 1)

### Introductory Activity

Write the topic on the board. Explain the meaning of the words. 'Then' means a time is the past and now means the present time. Tell them we are going to make a comparison between what was and what is now. Ask if they know that their grandparents were young once, just like them. They played like them and went to school. But life for them was very different. They did not have a lot of gadgets that they have. Some perhaps did not have fans and had to use hand fans. The car models were very different, there was no television and people listened to the radio. There were no mobile phones. Although there were telephones they looked very different. If possible, show them pictures of these things.

Explain that the Earth is very very, old. People lived here thousands of years ago. Their life was different to their grandparents. We find out about these people from the ruins or old, broken down buildings that have been found. We have also found some things they made and used. It is interesting to find out about them. The unit they are about to study will introduce these people to them.

### Development

Reading of the unit; explain the text.

# باب 3 : پہلے اور اَب

## چیزیں کیسے بدلتی ہیں؟

## تدریس کا دورانیہ : دو پیریڈ

## تدریسی مقاصد:

- بیان کرنا کہ برسوں پہلے کے لوگوں کا طرز زندگی آج سے بہت مختلف تھا۔
- واضح کرنا کہ وقت کے ساتھ ہر شے بدل جاتی ہے۔
- بیان کرنا کہ نئی ایجادات پرانی ایجادات کی جگہ لے لیتی ہیں۔

## کلیدی الفاظ

سفر کیا، مشینیں، پیڈسٹل فین، آلات، کھنڈرات، تباہ و برباد کرنا، نقصان پہنچانا۔

## امدادی اشیاء

نصابی کتاب

## سبق کی منصوبہ بندی (پہلا پیریڈ)

## تعارفی سرگرمی

سبق کا عنوان بورڈ پر درج کر دیجیے۔ الفاظ کے معانی بیان کیجیے۔ ''پہلے'' سے مراد گزرا ہوا وقت یعنی ماضی ہے جب کہ ''اب'' سے مراد، حال ہے۔ انھیں بتائیے کہ اب ہم ''جو تھا'' اور ''جو ہے'' کا موازنہ کریں گے۔ ان سے پوچھیے کیا وہ جانتے ہیں کہ ان کے دادا دادی بھی کسی زمانے میں ان کی طرح چھوٹے تھے۔ وہ بھی ان کی طرح کھیلتے اور اسکول جاتے تھے۔ مگر ان کی زندگی بہت مختلف تھی۔ ان کے پاس وہ بہت سے آلات اور چیزیں نہیں تھیں جو ان (بچوں) کے پاس ہیں۔ کچھ کے گھر میں غالبًا برقی پنکھے بھی نہیں تھے، اور وہ دستی پنکھوں سے کام لیتے تھے۔ گاڑیوں کے ماڈل بہت مختلف تھے۔ ٹیلی ویژن نہیں ہوتے تھے اور لوگ صرف ریڈیو سنتے تھے۔ موبائل فون موجود نہیں تھے۔ ٹیلی فون اگرچہ دستیاب تھے مگر وہ آج کے فون کے مقابلے میں بہت مختلف نظر آتے تھے۔ اگر ممکن ہو تو بچوں کو ان چیزوں کی تصویریں دکھائیے۔

بیان کیجیے کہ زمین بے حد قدیم ہے۔ ہزاروں سال پہلے بھی یہاں لوگ رہا کرتے تھے۔ ان قدیم لوگوں کی زندگی ان کے دادا دادی کی زندگی سے بھی مختلف تھی۔ قدیم زمانے کے ان لوگوں کے بارے میں ہمیں کھنڈرات یا پرانی، ٹوٹی پھوٹی عمارتوں سے پتا چلتا ہے۔ ہمیں کچھ ایسی اشیاء بھی ملی ہیں جو وہ لوگ بناتے اور استعمال کرتے تھے۔ ان کے بارے میں جاننا بہت دلچسپ ہے۔ اس باب میں وہ انھی لوگوں کے بارے میں پڑھیں گے۔

## تدریج

سبق پڑھوائیے؛ اس دوران متن کی تشریح بھی کرتی جائیے۔

## Class work

**What did you learn?** Question 1 a-c

## Homework

**My page** on page 30; please make sure students understand the task.

# LESSON PLAN (Period 2)

## Introductory Activity

Recap of the lesson; ask if they remember what they studied in the previous class. Ask what 'then' and 'now' mean.

## Development

Reading of the lesson for reinforcement; you may ask some of these questions orally to check their understanding.

How do people travel nowadays?

*People travel in cars, trains, and airplanes.*

Were there cars and airplanes many years ago?

*No*

How did people travel in the olden days?

*People travelled on foot, horses or horse carriages.*

When there were no clocks, how did people know when to work?

*People would start work at sunrise and end it at sunset.*

How was sewing, washing, and farming done in the olden days?

*These were done by hand.*

How are these works done now?

*We have sewing machines, washing machines, and for farming we have tractors. Though these works are still done by hand by some people but now machines have been invented which have made this work easy.*

## جماعت کا کام

**What did you learn?** کے تحت سوال 1 a تا c کروایا جائے۔

## گھر کا کام

صفحہ ۳۰ پر میرا صفحہ کے تحت دیا گیا کام مکمل کروایئے۔ ازراہ کرم اس بات کو یقینی بنایئے کہ طلبا کام کو سمجھ کر کریں۔

## سبق کی منصوبہ بندی (دوسرا پیریڈ)

## تعارفی سرگرمی

سبق کا خلاصہ بیان کیجیے۔طلبا سے پوچھیے پچھلی کلاس میں جو کچھ انھوں نے پڑھا تھا، کیا وہ یاد ہے۔ ان سے پوچھیے 'پہلے' اور 'اب' سے کیا مراد ہے۔

## تدریج

اعادہ کروانے کے لیے سبق دوبارہ پڑھا جائے۔ سبق کے بارے میں طلبا کی فہم جانچنے کے لیے آپ ان سے درج ذیل سوالات کر سکتے ہیں۔

موجودہ زمانے میں لوگ کیسے سفر کرتے ہیں؟
لوگ کار، ریل گاڑی اور ہوائی جہاز کے ذریعے سفر کرتے ہیں۔

کیا بہت سال پہلے گاڑیاں اور ہوائی جہاز موجود تھے؟
نہیں

قدیم زمانے میں لوگ کیسے سفر کرتے تھے؟
وہ پیدل، گھوڑوں یا گھوڑا گاڑیوں پر سفر کرتے تھے۔

جب گھڑیاں نہیں تھیں تو لوگ اوقات کار کا تعین کیسے کرتے تھے؟
لوگ طلوع آفتاب پر کام شروع کرتے تھے اور غروب آفتاب تک کام کرتے تھے۔

پرانے زمانے میں کپڑوں کی سلائی، دھلائی اور کاشت کاری کیسے کی جاتی تھی؟
یہ سب کام ہاتھ سے کیے جاتے تھے۔

موجودہ زمانے میں یہ کام کیسے انجام پاتے ہیں؟
ہمارے پاس سلائی مشینیں، کپڑے دھونے کی مشینیں اور کاشت کاری کے لیے ٹریکٹر ہیں۔ یہ کام اگرچہ اب بھی ہاتھوں سے یا پرانے طریقوں سے کیے جاتے ہیں لیکن مشینیں ایجاد کرلی گئی ہیں جن کی وجہ سے یہ کام آسان ہو گئے ہیں۔

How do we learn about early people?

*We have found ruins, old and damaged buildings, and the things they used which tell us how these people lived.*

Name a city in Pakistan which was destroyed many years ago?

*Mohenjo-Daro*

When did people live in Mohenjo-Daro?

*Mohenjo-Daro was built 5000 years ago.*

## Class work

**What did you learn?** Question 2

You may give the questions done orally for class work as well.

If possible, arrange a visit to the museum, if there is one in your city.

پرانے زمانے کے لوگوں کے بارے میں ہمیں معلومات کیسے حاصل ہوئیں؟
ہمیں کھنڈرات ، قدیم اور تباہ شدہ عمارتیں اور اشیاء ملی ہیں جو یہ لوگ استعمال کرتے تھے جن سے ہمیں پتا چلتا ہے کہ ان لوگوں کا طرز زندگی کیسا تھا۔

پاکستان میں واقع کسی شہر کا نام بتائیے جو بہت پہلے تباہ ہوگیا تھا؟
موہن جو داڑو

موہن جو داڑو میں لوگ کب رہا کرتے تھے؟
موہن جو داڑو پانچ ہزار سال پہلے تعمیر کیا گیا تھا۔

## جماعت کا کام

**What did you learn?** کے تحت دیا گیا سوال ۲ کیا جائے گا۔
آپ زبانی پوچھے گئے سوالات بھی کلاس ورک کے طور پر دے سکتے ہیں۔
اگر آپ کے شہر میں عجائب گھر ہو تو بچوں کو اس کی سیر کے لیے لے جائیے (اگر ممکن ہو)۔

# UNIT 4: NATURAL RESOURCES

**AIR**
**TREES AND PLANTS**
**WATER**
**LAND**
**ANIMALS**

## TEACHING OBJECTIVES

- to define natural resources
- to explain that some of these like water, air, and light are essential for life
- to explain the importance of trees and plants
- to explain the importance of a clean environment
- to discuss the uses of land
- to discuss how animals help us

## AIR

Teaching time: 3 periods

## KEYWORDS

resources, mineral, breathe, tyre, powerful, fumes, breathing

## RESOURCES

textbook, a balloon

## LESSON PLAN (Period 1)

### Introductory Activity

Introduce the topic by asking students what air is; can they see air, can they feel it, how do they know that air is everywhere. Take a balloon; ask a student to breathe into it; when it gets inflated, ask them what is inside the balloon. It has been filled with air. Deflate the balloon and let the students feel the air coming out. Air cannot be seen but can be felt.

# باب 4 : قدرتی وسائل

ہوا

درخت اور پودے

پانی

خشکی

جانور

## تدریسی مقاصد:

- قدرتی وسائل کی تعریف بیان کرنا۔
- بیان کرنا کہ ان میں سے کچھ جیسے پانی ، ہوا ، روشنی زندگی کے لیے ناگزیر ہیں۔
- درختوں اور پودوں کی اہمیت بیان کرنا۔
- ماحول کو صاف ستھرا رکھنے کی اہمیت بیان کرنا۔
- بیان کرنا کہ ہم خشکی کا استعمال کیسے کرتے ہیں۔
- زیرِ بحث لانا کہ جانور کیسے ہمارے لیے مفید ہیں۔

## ہوا

تدریس کا دورانیہ : تین پیریڈ

### کلیدی الفاظ

وسائل ، معدنیات ، سانس لینا ، ٹائر ، طاقتور ، دھواں ، تنفس۔

### سبق کی منصوبہ بندی (پہلا پیریڈ)

### تعارفی سرگرمی

طلبا سے یہ پوچھتے ہوئے عنوان متعارف کروائیے کہ ہوا کیا ہے ؛ کیا وہ ہوا کو دیکھ سکتے ہیں ، کیا وہ اسے محسوس کر سکتے ہیں ، وہ کیسے جانتے ہیں کہ ہوا ہر طرف موجود ہے۔ ایک غبارہ لیجیے۔ ایک طالب علم سے کہیے کہ وہ اس میں ہوا بھرے۔ جب غبارہ پھول جائے تو طلبا سے پوچھیے کہ اس کے اندر کیا ہے۔ یہ ہوا سے بھرا ہوا ہے۔ اب غبارے میں سے اس طرح ہوا نکالیے کہ طلبا ہوا کو محسوس کر سکیں۔ ہوا نظر نہیں آتی لیکن محسوس کی جاسکتی ہے۔

## Development

Reading of the unit; after it has been done by many students, you may ask these questions orally to check their understanding.

Why is air important for us?

*We cannot live without air.*

Do only humans need air?

*No, all living things need air.*

Why should the air be clean?

*The air should be clean because dirty air can make us ill.*

What can make the air dirty?

*Fumes from burning coal, wood, and oil; smoke coming out of factories and cars, motorcycles, buses, and trucks.*

Where else is air needed?

*Air is needed in tyres of cars and buses. It is also needed for drying our clothes.*

What is moving air called?

*Moving air is called wind.*

## LESSON PLAN (Period 2)

## Introductory Activity

Recap of the previous lesson; ask relevant questions to refresh your students' memory. Then ask them to turn to page 32 of the book and look at the topmost illustration. What do they see? There is smoke coming out of vehicles and factories. Ask students where this smoke goes. The correct answer is that it mixes with air. Tell them when we breathe this air, it goes into our lungs and makes us sick. The smoke and fumes have very dangerous gases. The air we breathe must be clean. Cigarette smoke also makes the air dirty. If we breathe this air it may affect our lungs.

## Development

Reading of the unit for reinforcement; answer any questions students may have. Never discourage them.

## تدریج

سبق پڑھوایئے۔ جب کئی طلبا سبق پڑھ چکیں تو (سبق کے بارے میں) ان کی فہم جانچنے کے لیے آپ زبانی یہ سوالات کر سکتے ہیں۔

ہوا ہمارے لیے کیوں اہم ہے؟
یہ اس لیے اہم ہے کہ ہم اس کے بغیر زندہ نہیں رہ سکتے۔

کیا صرف انسانوں کو ہوا کی ضرورت ہوتی ہے؟
نہیں، تمام جان داروں کو ہوا درکار ہوتی ہے۔

ہوا کا صاف ہونا کیوں ضروری ہے؟
ہوا کا صاف ہونا اس لیے ضروری ہے کہ آلودہ ہوا ہمیں بیمار کرسکتی ہے۔

ہوا کن چیزوں سے آلودہ ہوسکتی ہے؟
جلتے ہوئے کوئلے، لکڑی اور تیل سے اُٹھنے والا، اور کارخانوں، کار، موٹرسائیکل، بسوں اور ٹرکوں سے خارج ہونے والا دھواں ہوا کو آلودہ کرسکتا ہے۔

ہمیں کہاں کہاں ہوا کی ضرورت ہوتی ہے؟
کاروں اور بسوں کے پہیوں میں ہوا بھری جاتی ہے۔ ہمارے کپڑوں کو خشک کرنے کے لیے بھی ہوا درکار ہوتی ہے۔

چلتی ہوئی ہوا کیا کہلاتی ہے؟
چلتی ہوئی ہوا، باد (wind) کہلاتی ہے۔

## سبق کی منصوبہ بندی (دوسرا پیریڈ)

## تعارفی سرگرمی

پچھلے سبق کا خلاصہ بیان کیجیے۔ طلبا کے ذہنوں میں سبق تازہ کرنے کے لیے ان سے سوالات کیجیے۔ بعدازاں ان سے کہیے کہ کتاب کا صفحہ ۳۲ کھولیں اور سب سے اوپر دی گئی شکل پر غور کریں۔ وہ کیا دیکھتے ہیں؟ تصویر میں گاڑیوں اور کارخانوں سے دھواں خارج ہوتا نظر آرہا ہے۔ طلبا سے پوچھیے یہ دھواں کہاں چلا جاتا ہے۔ درست جواب یہ ہے کہ دھواں ہوا میں شامل ہوجاتا ہے۔ انھیں بتایئے جب ہم اس ہوا میں سانس لیتے ہیں تو یہ ہوا ہمارے پھیپھڑوں میں چلی جاتی ہے اور ہمیں بیمار کردیتی ہے۔ دھویں میں خطرناک گیسیں شامل ہوتی ہیں۔ ہم جس ہوا میں سانس لیتے ہیں، اس کا صاف ہونا بہت ضروری ہے۔ سگریٹ کا دھواں بھی ہوا کو آلودہ کرتا ہے۔ اگر ہم اس ہوا میں سانس لیں تو پھیپھڑے متاثر ہوسکتے ہیں۔

## تدریج

اعادہ کروانے کے لیے سبق پڑھا جائے۔ اس دوران طلبا کوئی سوال کریں تو اس کا مناسب جواب دیجیے۔ ان کی حوصلہ شکنی کبھی مت کیجیے۔

## Class work

**What did you learn?** Question 1 a-b

## LESSON PLAN (Period 3)

### Introductory Activity

Recap of the previous lesson by asking questions done orally previously

### Development

Reading of the lesson for reinforcement; ask students to pay attention to the illustrations in the unit and explain what they see.

### Class work

**What did you learn?** Question 1 c-d

# TREES AND PLANTS

Teaching time: 3 periods

## KEYWORDS

wheat, rice, field, fruit, tomatoes, firewood, raw, mangoes, carrots, oranges, grapes

## RESOURCES

textbook, pictures of plants, trees, flowers, fruit and things made from plants like wooden furniture, paper, cotton clothing, etc.; chart paper, colour pencils, crayons, colour markers, glue

## LESSON PLAN (Period 1)

### Introductory Activity

Write the topic on the board. Ask students if they can tell you what they are going to study today. Ask them to name some plants, whether they have any house plants; if so, who takes care of them. Ask if they like flowers, ask for some names. Ask if they can tell you what we get from plants; accept all answers; wait for someone to say wood, fruit,

### جماعت کا کام

**What did you learn?** کے تحت دیا گیا سوال a 1 تا b کروایا جائے۔

### سبق کی منصوبہ بندی (تیسرا پیریڈ)

### تعارفی سرگرمی

طلبا سے جو سوالات پہلے زبانی پوچھے گئے تھے، وہی سوال ایک بار پھر پوچھتے ہوئے سبق کا خلاصہ بیان کیجیے۔

### تدریج

اعادہ کروانے کے لیے سبق دوبارہ پڑھوائیے۔ ان سے کہیے کہ باب میں شامل اشکال پر توجہ دیں اور ان میں جو کچھ انھیں نظر آئے اسے بیان کریں۔

### جماعت کا کام

**What did you learn?** کے تحت سوال **c 1** تا **d** کروائیے۔

## درخت اور پودے

تدریس کا دورانیہ: تین پیریڈ

### کلیدی الفاظ

گندم، چاول، کھیت، پھل، ٹماٹر، جلانے کی لکڑی، خام، آم، گاجر، نارنگیاں، انگور۔

### امدادی اشیاء

نصابی کتاب، پودوں/درختوں/پھل/پھول، اور پودوں سے بنائی گئی اشیاء جیسے چوبی فرنیچر، سبزی کی ڈش، کاغذ، سوتی کپڑوں وغیرہ کی تصاویر۔ چارٹ پیپر، رنگین پنسلیں/موی پنسلیں(crayon) /رنگین مارکر، گلو۔

### سبق کی منصوبہ بندی (پہلا پیریڈ)

### تعارفی سرگرمی

بورڈ پر عنوان تحریر کر دیجیے۔ طلبا سے پوچھیے کیا وہ بتا سکتے ہیں کہ آج کیا پڑھنے والے ہیں۔ ان سے کہیے کہ چند پودوں کے نام بتائیں، کیا ان کے گھر میں پودے ہیں، ان کی دیکھ بھال کون کرتا ہے۔ پوچھیے کہ کیا انھیں پھول اچھے لگتے ہیں۔ کچھ پھولوں کے نام پوچھیے۔ طلبا سے استفسار کیجیے کہ کیا وہ آپ کو بتا سکتے ہیں کہ پودوں سے ہمیں کیا کیا حاصل ہوتا ہے۔ ان کے جواب سنتے جائیے جب تک کہ کوئی طالب علم لکڑی، پھل،

vegetables. Praise the student who gives the correct answer. Ask if plants are useful to humans only. Let them know that plants are important for animals as well. Birds make their nests in trees, wild animals live in the jungle, monkeys swing from tree to tree. Above all, herbivore animals eat plants. Tell them that this is a special name for plant-eating animals. Name some herbivores like cow, goat, and horse.

## Development

Reading of the unit; explain the meaning of any difficult words while students read the lesson. Plants and trees are of many kinds, some produce fruits and some produce vegetables. We get cotton also from plants. Cotton is used for making clothes. Wood also comes from trees. Ask questions. What is wood used for? *For making furniture and houses*. Where else are trees useful? *In cold places, the wood from trees is used for heating.* What else are the benefits of trees? *On a hot summer day, if we sit under the shade of a tree it will keep us cool.*

## Class work

**What did you learn?** Question 1

## LESSON PLAN (Period 2)

## Introductory Activity

Draw a large, shady tree on the board. Draw lines coming out of it. Ask students what we get from trees. Write all the correct answers you get like this:




## Development

Reading of the unit for reinforcement; welcome questions related to the topic from the students.

## Class work

**What did you learn?** Question 1

## Homework

**What did you learn?** Question 2

سبزیوں کے نام نہ لے لے۔ درست جواب دینے والے طالب علم کی تعریف کیجیے۔ پھر پوچھیے کہ کیا پودے صرف انسانوں کے لیے فائدہ مند ہیں۔ انھیں بتایئے کہ پودے جانوروں کے لیے بھی اہمیت رکھتے ہیں۔ پرندے درختوں پر گھونسلے بناتے ہیں ،جنگلی جانور جنگل میں رہتے ہیں ، بندر ایک سے دوسرے درخت پر چھلانگیں لگاتے رہتے ہیں۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ سبزی خور جانور پودوں کو خوراک بناتے ہیں۔ انھیں بتایئے کہ یہ نام یا اصطلاح ''سبزی خور'' پودے کھانے والے جانوروں کے لیے مخصوص ہے۔ کچھ سبزی خور جانوروں کے نام بتایئے جیسے گائے ، بکری ، اور گھوڑا۔

## تدریج

طلبا سبق پڑھیں۔ اس دوران آنے والے مشکل الفاظ کے معانی بیان کیجیے۔ پودے اور درختوں کی بہت سی اقسام ہوتی ہیں ، کچھ پر پھل اور کچھ پر سبزیاں لگتی ہیں۔ ہم پودوں سے کپاس بھی حاصل کرتے ہیں۔ کپاس سے کپڑے بنائے جاتے ہیں۔لکڑی بھی درختوں سے حاصل ہوتی ہے۔ سوال کیجیے کہ یہ لکڑی کس کام آتی ہے؟ لکڑی سے فرنیچر بنتا ہے۔ درخت اور کہاں مفید ثابت ہوتے ہیں؟ سرد علاقوں میں درختوں سے حاصل کردہ لکڑی جلا کر گھروں کو گرم رکھا جاتا ہے۔ درختوں کے اور کیا فوائد ہیں؟ گرمیوں کی کڑکتی دھوپ میں اگر ہم درخت کے سائے میں بیٹھ جائیں تو ٹھنڈک کا احساس ہوگا۔

## جماعت کا کام

**What did you learn?** کے تحت دیا گیا سوال 1 کروایئے۔

## سبق کی منصوبہ بندی (دوسرا پیریڈ)

## تعارفی سرگرمی

بورڈ پر ایک بڑا سایہ دار درخت بنایئے۔ اس میں سے باہر لائنیں یا خطوط نکلتے ہوئے دکھایئے۔ جیسے صفحہ ۵۲ پر دکھائی گئی ہیں۔طلبا سے پوچھیے درختوں سے ہمیں کیا کیا حاصل ہوتا ہے۔ تمام درست جوابات درج کر دیجیے۔

## تدریج

اعادہ کرانے کے لیے سبق پڑھوایئے۔ اس دوران اگر طلبا سبق سے متعلق سوالات پوچھیں تو ان کے جواب دیجیے۔

## جماعت کا کام

**What did you learn?** کے تحت دیا گیا سوال ۱ کروایئے۔

## گھر کا کام

**What did you learn?** کے تحت دیا گیا سوال ۲ کروایئے۔

## LESSON PLAN (Period 3)

### Activity

Divide students into groups. Give each group a chart paper, crayons, coloured markers or pencils. Tell them their topic is PLANTS. They can choose from the pictures you have brought, paste them on their chart paper and write a few lines about plants. Let them make the charts attractive with colour markers/pencils/crayons. Guide them on how to write the sentences. Since the students may find it difficult to write on their own, write a number of sentences on the board. Ask each group to choose any five sentences for their chart.

When the work has been completed, call each group to the front of the class, hold up their chart and explain what they have shown. Display all the charts in the classroom later.

The paragraph can have the following sentences. Students should choose any five.

Plants and trees are a very important natural resource. We can rest under a shady tree on a hot day. Plants give us vegetables and fruit. Trees give us wood. Paper is made from wood. Birds live in trees. Wild animals live in the jungle. Where will wild animals live if there are no trees? Trees give us fresh air. Doors, windows, tables and chairs are made of wood. People burn wood to keep warm. People use wood for cooking. We get cotton from the cotton plant. We make cloth from cotton. Herbivores eat plants.

Please make any other sentences that you think suitable. They should be short and in simple language.

# WATER

Teaching time: 2 periods

## KEYWORDS

sources of water

## RESOURCES

textbook, picture cut-outs from newspapers and magazines showing uses of water, sheets of chart paper, colour pencils/crayons/colour markers, glue

## سبق کی منصوبہ بندی (تیسرا پیریڈ)

### سرگرمی

طلبا کے گروپ بنادیجیے۔ ہر گروپ کو ایک چارٹ پیپر، رنگین موی پنسلیں (crayon)، رنگین مارکر دے دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ان کا عنوان ''پودے'' ہے۔ آپ جو تصویریں لے کر آئے ہیں وہ ان میں سے تصاویر منتخب کر کے انھیں اپنے چارٹ پیپر پر چپکائیں گے اور پودوں کے بارے میں چند جملے لکھیں گے۔ ان سے کہیے رنگین مارکر/ پنسلوں/موی پنسلوں کی مدد سے اپنے اپنے چارٹ پیپر کو دل کش بنائیں۔ جملے تحریر کرنے میں ان کی رہنمائی کیجیے۔طلبا کو خود سے جملے لکھنا مشکل محسوس ہوگا اس لیے بورڈ پر کئی جملے درج کردیجیے۔ ہر گروپ سے کہیے کہ وہ اپنے چارٹ کے لیے پانچ جملوں کا انتخاب کرے۔

کام مکمل ہوجانے کے بعد ہر گروپ کے طلبا سے کہیے کلاس کے سامنے آئیں، اپنا تیارکردہ چارٹ کلاس کو دکھائیں اور بیان کریں کہ چارٹ میں انھوں نے کیا دکھایا ہے۔ بعد میں تمام چارٹس کلاس روم میں آویزاں کردیں۔

پیراگراف میں درج ذیل جملے ہوسکتے ہیں۔طلبا ان میں سے پانچ کا انتخاب کریں۔

قدرتی وسائل میں پودے اور درخت بہت اہمیت رکھتے ہیں۔ سخت گرم دن میں ہم سایہ دار درخت کے نیچے آرام کرسکتے ہیں۔ درختوں سے ہمیں پھل اور سبزیاں حاصل ہوتی ہیں۔ درختوں سے ہمیں لکڑی ملتی ہے۔لکڑی سے کاغذ بنتا ہے۔ پرندے درختوں پر رہتے ہیں۔جنگلی جانور جنگل میں رہتے ہیں۔ اگر درخت نہ ہوتے تو پھر جنگلی جانور کہاں رہتے؟ درخت ہمیں تازہ ہوا فراہم کرتے ہیں۔ دروازے، کھڑکیاں، میز اور کرسیاں لکڑی سے بنائی جاتی ہیں۔ لوگ سردی سے بچنے اور گرمائش کے لیے لکڑیاں جلاتے ہیں۔ لوگ لکڑیاں جلا کر کھانا پکاتے ہیں۔ہمیں کپاس کے پودوں سے روئی حاصل ہوتی ہے۔ روئی سے ہم کپڑے بناتے ہیں۔ سبزی خور جانور پودے کھاتے ہیں۔

آپ اور جملے بھی بناسکتے ہیں جو آپ کے خیال میں مناسب ہوں۔ تاہم جملے مختصر اور سادہ زبان میں ہونے چاہئیں۔

## پانی

تدریس کا دورانیہ: دو پیریڈ

### کلیدی الفاظ

پانی کے ذرائع۔

### امدادی اشیاء

نصابی کتاب، پانی کے مختلف استعمال پر مشتمل اخبارات اور جرائد کے تراشے، چارٹ پیپر، رنگین پنسلیں/موی پنسلیں/رنگین مارکر، گلو۔

## LESSON PLAN (Period 1)

### Introductory Activity

Begin by telling students they have to guess the topic for today's lesson. You'll give them hints. Do the action of rainfall; drink water from an imaginary glass; do the action of a bath (standing under a shower, rubbing soap on your body, etc.); do the action of washing clothes. By this time many students will be shouting 'Water!'

Write the topic on the board. Praise the students for guessing, saying they are very smart. Ask them the uses of water.

### Development

Reading of the lesson; ask students to explain what is happening in each picture. The pictures describe very clearly the uses of water. Ask them to see the illustration of the sources of water. Point to the well, pond, river, sea.

You may ask the following questions to check understanding:

What are the sources of water?

*The sources of water are rivers, seas, oceans, wells, lakes, ponds, and glaciers.*

How do we use water?

*We use water for drinking, cleaning, cooking, bathing, and washing.*

Is there life underwater?

*Yes, many animals and plants live underwater.*

Can you name some animals?

*fish, crocodiles, whales, and sharks*

### Class work

**What did you learn?** Questions 1 and 2

Help students find the words in the wordsearch. Praise the student who finishes it first.

## LESSON PLAN (Period 2)

### Activity

As with plants, put students into groups and ask them to make charts about the Uses of Water. They can stick pictures and draw them as well. Write simple sentences on the board that they can copy on their charts. Some examples are:

## سبق کی منصوبہ بندی (پہلا پیریڈ)

### تعارفی سرگرمی

تدریس کے آغاز میں طلبا سے کہیے کہ وہ آج کے سبق کا عنوان بوجھیں گے۔ آپ انھیں اشارے دیں گے۔ ایسے اداکاری کیجیے جیسے بارش ہو رہی ہو ؛ ایک خیالی گلاس سے پانی پی کر دکھائیں ؛ نہانے کی اداکاری کیجیے (جیسے آپ شاور کے نیچے کھڑے ہیں ، جسم پر صابن مل رہے ہیں وغیرہ ) ؛ کپڑے دھونے کی اداکاری کیجیے۔ اس وقت تک کئی طلبا سبق کا عنوان بوجھ لیں گے اور پکار اُٹھیں گے ،'' پانی!''

بورڈ پر سبق کا عنوان درج کر دیجیے۔عنوان بوجھنے پر طلبا کو شاباش دیجیے اور کہیے کہ آپ بہت ذہین ہیں۔ اب ان سے پانی کے مختلف استعمال پوچھیے۔

### تدریج

طلبا سبق پڑھیں گے۔ ان سے کہیے کہ بیان کریں ہر تصویر میں کیا ہو رہا ہے۔تصاویر میں پانی کے مختلف استعمال بہت واضح طور پر دکھائے گئے ہیں۔طلبا کو ہدایت کیجیے کہ پانی کے ذرائع کی اشکال غور سے دیکھیں۔کنویں ، تالاب ، دریا اور سمندر کی طرف اشارہ کیجیے۔
طلبا سبق کو کس حد تک سمجھ سکے ہیں ، یہ جاننے کے لیے آپ ان سے درج ذیل سوالات کر سکتے ہیں:

پانی کے ذرائع کیا ہیں؟
پانی کے ذرائع دریا ، سمندر ، کنواں ، جھیل ، تالاب اور گلیشیئر ہیں۔

ہم پانی کیسے استعمال کرتے ہیں؟
پانی پینے ، صفائی کرنے ، کھانا پکانے ، نہانے اور کپڑے وغیرہ دھونے میں استعمال ہوتا ہے۔

کیا زیرِآب زندگی پائی جاتی ہے؟
جی ہاں ، بہت سے جانور اور پودے زیرِآب رہتے ہیں۔

کیا آپ کچھ جانوروں کے نام بتا سکتے ہیں؟
مچھلی ، مگرمچھ ، وھیل ، شارک۔

### جماعت کا کام

**What did you learn?** کے تحت دیا گیا سوال ۱ اور ۲ کروائیے۔
''لفظ کی تلاش'' کی مشق کے لیے الفاظ ڈھونڈنے میں طلبا کی مدد کیجیے۔ جو طالب علم سب سے پہلے یہ کام ختم کرلے اسے شاباشی دیجیے۔

## سبق کی منصوبہ بندی (دوسرا پیریڈ)

### سرگرمی

طلبا کے گروپ بنادیجیے جیسا کہ گذشتہ باب کی تدریس کے دوران بنائے گئے تھے۔ انھیں '' پانی کے مصارف'' کے بارے میں چارٹ بنانے کی ہدایت کیجیے۔ وہ تصاویر چسپاں کرنے کے علاوہ تصویریں خود بھی بنا سکتے ہیں۔ بورڈ پر آسان جملے تحریر کر دیجیے جنھیں وہ اپنے اپنے چارٹ پر نقل کر سکیں۔

We drink water. Animals also drink water. Plants need water. We need water for washing. Many animals live in water. Water is used in cooking. We get water from the river. We must drink clean water.

You can make some sentences of your own.

### Homework

Worksheet 6

## LAND

Teaching time: 2 periods

### KEYWORDS

iron, coal, buildings, stones

### RESOURCES

pictures of mud houses, samples of clay, mud, various kinds of pottery

### LESSON PLAN (Period 1)

### Introductory Activity

Introduce the unit by writing 'Land' on the board. Tell them that just like air and water, land is also a very important and useful natural resource. Ask them what we use land for. After getting their answers say, "Yes, we live on land, make our houses on land. We get minerals from land. Plants and trees grow on land." The usefulness of plants has already been discussed. Explain that minerals are very useful things hidden very deep in the earth. The gold and silver that their mother or sister wear were dug up from the earth and were then made into jewellery.

### Development

Reading of the unit, explain the text as they read. You may ask the following questions to check understanding.

Where do we build our houses?

*We build our houses on the land.*

What are minerals?

*This is very useful matter we find when we dig the earth very deep.*

چند جملے ذیل میں دیے گئے ہیں:
ہم پانی پیتے ہیں۔ جانور بھی پانی پیتے ہیں۔ پودوں کو پانی کی ضرورت ہوتی ہے۔ہمیں کپڑے دھونے کے لیے پانی درکار ہوتا ہے۔ بہت سے جانور پانی میں رہتے ہیں۔ پانی ، کھانا پکانے میں استعمال ہوتا ہے۔ ہم دریا سے پانی حاصل کرتے ہیں۔ہمیں صاف پانی پینا چاہیے۔
آپ خود بھی جملے بنا سکتے ہیں۔

## گھر کا کام

ورک شیٹ ۶۔

# خشکی

تدریس کا دورانیہ : دو پیریڈ

## کلیدی الفاظ

لوہا، کوئلہ، عمارتیں ، پتھر۔

## امدادی اشیاء

مٹی سے بنے مکانات کی تصویریں ، چکنی مٹی کے نمونے ، کیچڑ ،مٹی کے مختلف برتن۔

## سبق کی منصوبہ بندی (پہلا پیریڈ)

## تعارفی سرگرمی

بورڈ پر 'خشکی' لکھ کر باب کا تعارف کروایے۔طلبا کو بتایئے کہ ہوا اور پانی کی طرح خشکی یا زمین بھی بہت اہم قدرتی وسیلہ ہے۔ ان سے پوچھیے کہ ہم زمین کن مقاصد کے لیے استعمال کرتے ہیں۔طلبا سے جواب لینے کے بعد کہیے کہ ، جی ہاں ، ہم خشکی پر رہتے ہیں اور اس پر گھر بناتے ہیں۔ ہم زمین سے معدنیات حاصل کرتے ہیں۔ پودے اور درخت زمین پر اُگتے ہیں ؛ پودوں کی افادیت پہلے زیر بحث آچکی ہے۔ بیان کیجیے یہ معدنیات بہت مفید اشیاء ہیں جو زمین کے اندر بہت گہرائی میں چھپی ہوتی ہیں۔ ان کی والدہ اور بہنیں جو سونے اور چاندی کے زیورات پہنتی ہیں ، وہ دھاتیں بھی زمین سے کھود کر نکالی گئی تھیں۔ بعد میں ان سے زیورات بنائے گئے۔

## تدریج

طلبا سبق پڑھیں۔ اس دوران متن کی تشریح کرتے جایئے۔سبق کے بارے میں طلبا کیفہم جانچنے کے لیے آپ ان سے درج ذیل سوالات پوچھ سکتے ہیں۔
ہم اپنے گھر کہاں بناتے ہیں؟
ہم اپنے گھر خشکی پر بناتے ہیں۔

معدنیات کیا ہوتی ہیں؟
یہ بہت کارآمد مادے ہوتے ہیں ، جو ہمیں بہت گہرائی تک زمین کھودنے پر حاصل ہوتے ہیں۔

Name three minerals which we get from land?

*We get gold, iron, coal, and salt from the land.*

What else do we get from land?

*We get stones, mud, and clay from land.*

How do we use mud and stone?

*Mud and stones are used for making houses.*

How do we use clay?

*Clay is used for making pottery.*

Please rephrase the above questions if there is a need, to enable your students to understand. Do not belittle students for giving the wrong answer. It only means they have not understood. Please explain again, trying differently.

## LESSON PLAN (Period 2)

### Introductory Activity

Recap of the unit; ask relevant questions to refresh memory.

### Class work

**What did you learn?** Do the question on page 38.

# ANIMALS

Teaching time: 2 periods

## KEYWORDS

goats, camels, sheep, ducks, wool, leather, shoes

## RESOURCES

piece of cotton, strand of wool, leather piece, textbook, pictures of animals

تین معدنیات کے نام بتائیں جو ہمیں زمین سے حاصل ہوتی ہیں؟
ہم زمین سے سونا، لوہا، کوئلہ اور نمک حاصل کرتے ہیں۔

ہمیں زمین سے اور کیا ملتا ہے؟
ہمیں پتھر، مٹی، اور چکنی مٹی ملتی ہے۔

مٹی اور پتھروں سے ہم کیا کام لیتے ہیں؟
متی اور پتھر مکان بنانے میں استعمال ہوتے ہیں۔

چکنی مٹی کا ہم کیا کرتے ہیں؟
چکنی مٹی سے برتن بنائے جاتے ہیں۔

ازراہ کرم اگر ضرورت پیش آئے تو مندرجہ بالا سوالات کو الفاظ بدل کر لکھ دیجیے تاکہ طلبا انھیں بہتر طور پر سمجھ جائیں۔ غلط جواب دینے پر طلبا کو شرمندہ کرنے سے گریز کیجیے۔ غلط جواب کا مطلب محض یہ ہے کہ وہ سبق کو سمجھ نہیں پائے۔ اس صورت میں سبق کی دوسرے انداز سے اور مختلف الفاظ کے ساتھ وضاحت کیجیے۔

## سبق کی منصوبہ بندی (دوسرا پیریڈ)

### تعارفی سرگرمی

باب کا خلاصہ بیان کیجیے۔ سبق کو طلبا کے ذہنوں میں تازہ کرنے کے لیے اس سے متعلق سوالات پوچھیے۔

### جماعت کا کام

**What did you learn?** کے تحت صفحہ ۳۸ پر دیا گیا سوال کروائیے۔

# جانور

تدریس کا دورانیہ: دو پیریڈ

### کلیدی الفاظ

بکریاں، اونٹ، بھیڑ، بطخیں، اون، چمڑا، جوتے۔

### امدادی اشیاء

روئی کا ٹکڑا، اونی دھاگے، چمڑے کا ٹکڑا، نصابی کتاب، جانوروں کی تصویریں۔

## LESSON PLAN (Period 1)

### Introductory Activity

Write ‘Animals’ on the board. Tell students animals are also an important natural resource. Ask them why. The smart ones might say ‘because they help us’. If you do not get this answer ask how in their opinions animals are helpful to us. Let them brainstorm. Then say you are going to name some animals and would like them to tell you how they help us. For example, horse, donkey, hen, cow, goat, camel, fish, ox, cat, dog, birds, and honeybees.

Make sure they take turns in answering and do not start to answer all at once. If they leave out any usage, give it yourself. For example, a horse is used for riding, it pulls a *tonga*, a horse cart, a horse carriage, etc. Sometimes it is used for ploughing a field. Tell them that some animals are our pets, like cats, dogs, and birds. We must be kind to all animals. They feel pain just as we do. They should never be beaten up. Sometimes donkey cart owners and *tonga walas* beat their animals which is very cruel. Ask them, if animals could speak what would they say?

### Development

Reading of the unit; answer any questions that your students might have. Explain any difficult words. You may ask the following questions to check understanding.

Which animals provide us meat?

*Cows, goat, camels, sheep, and chicken provider us meat.*

Which animals provide us milk?

*We get milk from goats, cows, camel and buffaloes.*

What do hens give us?

*Hens give us eggs and meat.*

What are animal hides used for?

*Animal hides are used for making bags, belts, and other things.*

Where do we get wool?

*We get wool from sheep.*

## سبق کی منصوبہ بندی (پہلا پیریڈ)

## تعارفی سرگرمی

بورڈ پر لفظ ''جانور'' درج کر دیجیے۔ طلبا کو بتائیے کہ قدرتی وسائل میں جانور بھی بہت اہمیت رکھتے ہیں۔ ان سے پوچھیے کہ کیوں؟ کچھ ذہین طالب علم جواباً کہہ سکتے ہیں، ''کیوں کہ یہ ہماری مدد کرتے ہیں۔'' اگر طلبا یہ جواب نہ دے پائیں تو ان سے پوچھیے کہ ان کے خیال میں جانور ہمارے لیے کس طرح مفید ہیں۔ ان سے کہیے کہ مل جُل کر سوچ بچار کرنے کے بعد اس کا جواب دیں۔ بعدازاں طلبا سے کہیے کہ اب آپ کچھ جانوروں کے نام لیں گی اور وہ (طلبا) بتائیں گے کہ یہ جانور ہمارے کس کام آتے ہیں۔ مثال کے طور پر گھوڑا، گدھا، مرغی، گائے، بکری، اونٹ، مچھلی، بیل، بلی، کتا، پرندے، اور شہد کی مکھیاں۔

